ABC Certified

مظلوم کی آواز —— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک

DAILY "DAK" GUJRAT

www.dailydak.pk

روزنامہ ڈاک گجرات

چیف ایڈیٹر یونس ساقی

بدھ 2 رجب المرجب 1444ھ 25 جنوری 2023ء 12 ماگھ 2079ب (SR-53)

جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 152 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

پنجاب میں متنازعہ ترین اور پی ٹی آئی مخالف شہرت رکھنے والے آفیسرز کو تعینات کیا جا رہا ہے

عمران خان ڈٹ کر کھڑا، الیکشن میں PDM کی شکست کا مقدر چوہدری پرویز الٰہی

الیکشن کمیشن کا رویہ، پنجاب میں بیوروکریسی کی وسیع پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کی مذمت

نگران وزیر اعلیٰ کی تقرری کے متنازعہ فیصلہ کو عدالت چیلنج کیا جا رہا ہے، سابق ارکان اسمبلی سے ملاقات میں گفتگو

چوہدری پرویز الٰہی سے سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان، امیر محمد خان، طلعت فاطمہ نقوی، احمد اویس ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ ڈاک) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 1)

چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے چوہدری پرویز الٰہی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان چوہدری پرویز الٰہی کی ملاقات، اہم امور پر مشاورت

الیکشن کمیشن کے متنازعہ اقدامات کیخلاف آئینی آپشنز و احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ

لاہور (نمائندہ ڈاک) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے یہاں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں سیکرٹری جنرل اسد عمر اور فواد چودھری، سینیٹر اعظم سواتی اور حماد اظہر (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 2)

سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی، تحریک لبیک کا جمعہ کو احتجاج کا اعلان

ضلع بھر میں بعد نماز جمعہ سہ پہر تین بجے ریلیاں نکالی جائیں گی، نظام مصطفیٰ نفاذ کی جدوجہد جاری رکھنے کا عزم

گجرات (مدثر اقبال سے) سویڈن میں عالمی دہشت گردوں کی ناپاک جسارت توہین قرآن مجید کے خلاف تحریک لبیک پاکستان ضلع گجرات کے زیر اہتمام 27 جنوری بروز جمعۃ المبارک سہ پہر 3 بجے "لبیک (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 3)

نوابزادہ طاہر الملک حیدر مہدی سے عمائدین علاقہ کی ملاقاتیں

دن بھر وفود کی آمد، نوابزادہ خاندان کے اتحاد و اتفاق کے اقدامات کی تحسین

گجرات (ارشد محمود سے) صدر مسلم لیگ (ن) ضلع گجرات نوابزادہ طاہر الملک، امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 31 نوابزادہ حیدر مہدی نے گزشتہ روز کوٹھی نواب صاحب میں مصروف ترین دن گزارہ، یونین کونسل چک (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 4)

نوابزادہ طاہر الملک، نوابزادہ حیدر مہدی کیساتھ چوہدری جاوید، بوچھ، ملک منور، چوہدری آصف

گجرات جیل میں ہنگامہ، 250 قیدیوں کیخلاف اقدام قتل کا مقدمہ

بجلی بندش کے باعث واش رومز میں پانی سپلائی نہ ہونے سے تو تکار ہوئی جو بلوہ کی صورت اختیار کر گیا

قیدیوں پر جیل ملازمین، حوالاتیوں، پولیس اہلکاروں کو زخمی کرنے کا الزام کسی جیل ملازم کے خلاف کارروائی نہیں کی گئی

گجرات (اپنے سٹاف رپورٹر سے) کرنیوالے 250 نامعلوم اسیران کے خلاف ڈسٹرکٹ جیل گجرات میں ہنگامہ آرائی ایف آئی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 5)

چوہدری سعادت نواز اجنالہ جرمنی سے ناروے پہنچ گئے

چوہدری زاہد اسلم نے ساتھیوں کے ہمراہ استقبال کیا، ظہرانہ

چوہدری سعادت نواز اجنالہ رواں ہفتہ وطن واپس پہنچیں گے

گجرات (آصف علی بھٹی سے) پاکستان مسلم لیگ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 6)

ناروے: چوہدری سعادت نواز اجنالہ کو چوہدری زاہد اسلم، طارق بشیر، مدثر علی پھول پیش کر رہے ہیں

جاوید بٹ کی رہائشگاہ پر اجلاس، کوٹلہ واقعہ، میاں طارق محمود، یوسف گل کیخلاف انتقامی کارروائی کیخلاف احتجاج کا لائحہ عمل

26 جنوری مسلم لیگ (ن) کا گجرات جی ٹی روڈ پر احتجاج، نوابزادہ طاہر الملک متحرک

مسلم لیگ (ن) کے تمام کارکنان ہمارے دست و بازو ہیں کبھی تنہا نہ چھوڑیں گے، احتجاجی مظاہرہ فیصلہ کن ہوگا، نوابزادہ طاہر الملک

کارکنان نیشنل فرنیچرز کے سامنے جی ٹی روڈ پر اکٹھا ہونگے اور احتجاج ریکارڈ کرایا جائیگا، یوسف گل، خالد سیال، ملک ارشد، میاں اکمل، افتخار روڈ اجلاس میں شریک

گجرات (مدثر اقبال سے) ممتاز مسلم لیگی رہنما جاوید بٹ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 8)

گجرات (ارشد محمود سے) صدر مسلم لیگ (ن) ضلع گجرات نوابزادہ طاہر الملک نے گزشتہ روز کوٹھی نواب صاحب میں حلقہ پی پی 31 کی درجنوں (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 7)

نوابزادہ طاہر الملک، جاوید بٹ کی رہائشگاہ پر اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں یوسف گل، میاں اکمل موجود ہیں

"ملکی صورتحال و وقت کا تقاضا" گجرات پریس کلب میں آج 4 بجے میٹنگ

چوہدری شبیر کوٹلہ، چوہدری ندیم اصغر کائرہ، ڈاکٹر طارق سلیم، جاوید بٹ، یوسف گل، مولانا الیاس پریس کانفرنس کرینگے

گجرات (نمائندہ ڈاک) موجودہ ملکی صورتحال کے بارے میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کی جانب سے آج بروز بدھ سہ پہر 4 بجے گجرات پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس منعقد ہوگی جس میں مسلم لیگ ن کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 9)

چوہدری خالد اصغر گھرال، چوہدری اظہر وڑائچ، چوہدری لیاقت شاہ پور، چوہدری جاوید اختر وڑائچ، چوہدری اقبال اکبر چیچی شریک

سابق ناظم چوہدری ضیاء اللہ وڑائچ، میر ملہی کے والد محترم کا ختم قل، بڑا دعائیہ اجتماع

اجتماعی دعا میں چوہدری ارسلان زاہد ترکھا، ملک امتیاز گوگا، مرزا عمران بیگ، چوہدری خالد نصر اللہ، ملک نعیم، ماسٹر افضل وڑائچ

عقیل شاہ، چوہدری نثار وڑائچ، عثمان وڑائچ، فیاض وڑائچ، مہر گل نواز، انسپکٹر الطاف، چوہدری مبشر معروف بھی شریک ہوئے

گجرات (آصف علی بھٹی سے) سیکرٹری و سابق ناظم چوہدری ضیاء اللہ وڑائچ، پاکستان مسلم لیگ ضلع گجرات کے فنانس ایڈیشنل جنرل (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 10)

میجر معین نواز، افضل حیات تارڑ نے ضیاء وڑائچ کے گھر فاتحہ خوانی کی

چوہدری طاہر ترکھا، بلال بابر کھوکھر، احمد فاروق نے اظہار تعزیت کیا

گجرات (آصف علی بھٹی سے) سیکرٹری و سابق ناظم چوہدری ضیاء اللہ وڑائچ، پاکستان مسلم لیگ ضلع گجرات کے فنانس ایڈیشنل جنرل (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 13)

ADCG افضل حیات تارڑ، چوہدری طاہر ترکھا، چوہدری ضیاء وڑائچ کے والد کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ن لیگی حکومت میں اربوں کے ترقیاتی کام کرائے، ایک پائی کرپشن کا الزام نہیں، نوابزادہ حیدر مہدی

سنگ دھڑا ہماری طاقت، ہمیشہ کوشش کی کہ نیک نیتی سے عوامی مسائل حل کرائیں

انشاء اللہ علاقہ کے عوام کی طاقت سے دوبارہ اقتدار میں آکر ادھورے منصوبے مکمل کرائیں گے

گجرات (ارشد محمود سے) نوابزادہ حیدر مہدی نے کوٹھی نواب صاحب میں آئے عمائدین کے ساتھ ملاقاتوں میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنے بزرگوں، بھائیوں، نوجوانوں کا انتہائی مشکور و ممنون ہوں جو اس طرح مجھے اپنے پیار اور محبت سے نواز رہے ہیں انشاء اللہ ایم پی اے منتخب ہو کر بے لوث عوامی (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 11)

ناروے کے ستوانگر مقیم مرزا افضال کا کڈنی سنٹر دورہ، ڈیالسز مشین کا عطیہ

میری اہلیہ گردوں کے امراض میں مبتلا تھیں، انکے ایصال ثواب کیلئے ڈیالسز مشین عطیہ کی، مرزا افضال

کڈنی سنٹر میں یومیہ 100 سے زائد مریضوں کے ڈیالسز، ماہانہ اخراجات عطیات سے پورے ہوتے ہیں، میاں محمد اعجاز

گجرات (مدثر اقبال سے) ستوانگر ناروے کی ممتاز کاروباری شخصیت مرزا محمد افضال نے گزشتہ روز کڈنی سنٹر گجرات کا دورہ کیا (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 12)

میاں محمد اعجاز کیساتھ مرزا افضال ناروے، احمد انعام، ساجد راٹھور کڈنی سنٹر میں

چوہدری حسین الٰہی کا وعدہ وفا، بوکن شریف پڈھانہ روڈ کی تیزی سے تکمیل، لیاقت شاہ پور کا معائنہ

تعمیراتی فرم نے ہیوی مشینری کے ساتھ کام کی تیزی سے تکمیل کی، درجنوں دیہات مستفید ہونگے

چوہدری عمیر ریاض، چوہدری جاوید باہووال، چوہدری شاہد لیاقت، چوہدری جمیل ارشد پڈھانہ کا اظہار تشکر

گجرات (آصف علی بھٹی سے) ایم این اے چوہدری (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 14)

چوہدری حسین الٰہی کے فنڈ سے بوکن تا پڈھانہ سڑک کی تعمیر، چوہدری لیاقت شاہ پور، چوہدری عمیر ریاض، جمیل ارشد پڈھانہ معائنہ کر رہے ہیں

مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام سرکاری ریٹ سے بھی 50 روپے کم قیمت پر آٹا فراہمی

دن ساڑھے 10 بجے شاہ جہانگیر روڈ پر مسجد عثمان کے سامنے سٹال لگے گا، شہریوں کے لیے سہولیات کا اعلان

گجرات (نمائندہ ڈاک) مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام سستا آٹا آج 25 جنوری بروز بدھ کو ملے گا ساڑھے دس بجے بمقام شاہ جہانگیر روڈ مسجد عثمان پر سستا آٹا آئے گا جو کہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 15)

چوہدری گلزار ماجرہ کے صاحبزادے کا ختم قل آج 10 بجے پڑھا جائے گا

گجرات (مدثر اقبال سے) ممتاز سماجی شخصیت چوہدری گلزار حسین (ماجرہ) کے جوانسال صاحبزادے، چوہدری بلال کے بھائی چوہدری علی حمزہ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 16)

میاں ہارون مسعود کی میاں محمد اعجاز سے ملاقات، کڈنی سنٹر کیلئے پانچ لاکھ عطیہ

امراض گردہ میں مبتلا مریضوں کو مفت ڈیالسز کی سہولت نعمت، مزید تعاون کریں گے، میاں ہارون مسعود

گجرات (مدثر اقبال سے) سابق تحصیل ناظم میاں (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 17)

ڈاکٹر محمود الحسن (عظیم الٹراساؤنڈ) کی ہمشیرہ محترمہ کی نماز جنازہ آج 2 بجے قبرستان دارہ گلاب شاہ میں ہوگی

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) عظیم الٹرا ساؤنڈ کے (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 18)

میاں ہارون مسعود، میاں محمد اعجاز کو کڈنی سنٹر کیلئے 5 لاکھ عطیہ دے رہے ہیں میاں اکبر مسعود، مہر فاروق خالد موجود ہیں

إنا لله وإنا إليه راجعون

انتقال پر ملال۔ نماز جنازہ

محمد رئیس (مرحوم) کی اہلیہ محترمہ

وقار رئیس، حافظ شہریار رئیس، وجاہت رئیس کی والدہ محترمہ

ڈاکٹر محمود الحسن (عظیم الٹراساؤنڈ)

انور حسین، فرخ حسین، ابرار حسین

پروفیسر مختار الحسن، مجتبیٰ حسین، مبشر حسین

کی ہمشیرہ محترمہ

قضائے الٰہی سے انتقال کر گئی ہیں إنا لله وإنا إليه راجعون

نماز جنازہ آج 25 جنوری بدھ 2 بجے دوپہر

قبرستان دارہ گلاب شاہ گجرات میں ادا کی جائیگی

دوست احباب سے نماز جنازہ میں شرکت کی استدعا ہے

شریک غم ملک قاری لقمان اشرف قادری (صدر)

انجمن تاجران سرگودھا روڈ بلاک 3 گجرات

PLASCO PIPES

MADE IN PAKISTAN

پلاسکو کا استعمال پائیدار۔ بے مثال

20mm تا 110mm کمپلیٹ رینج

پی پی آر سی پائپ اینڈ فٹنگز

پلاسکو پی وی سی انڈسٹری کا اعزاز

★ پلاسکو HDPE پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 20mm تا 1600mm)

★ پلاسکو پریشر پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 1" تا 18")

★ پلاسکو کنڈیوٹ پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 1" تا 4")

★ پلاسکو سیوریج پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 32mm تا 160mm)

★ پلاسکو پی پی آر سی پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 20mm تا 110mm)

★ پلاسکو MDPE پائپ اینڈ فٹنگ (سائز 0.5" تا 6")

HDPE پائپ 20mm to 1600mm سائز تک پروڈکشن کی صلاحیت

APPROVED BY: MES

پلاسکو پائپ انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ جی ٹی روڈ بائی پاس گجرات

Tel: 92-533-589620-21, Fax: 92-533-589585

موت تیری عجب عنوان ہے اپنی بے چارگی و پستی کا

ختم قل / اجتماعی دعا

ممتاز سماجی شخصیت

چوہدری گلزار حسین ماجرہ

کے جوانسال صاحبزادے

چوہدری بلال کے بھائی

چوہدری علی حمزہ

قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کیلئے

ختم قل آج 25 جنوری بدھ

قرآن خوانی 10 بجے

اجتماعی دعا 11 بجے

مسجد عائشہ صدیقہ نزد ایجوکیٹرز سکول بارہ دری گجرات

میں پڑھا جائے گا

دوست احباب سے اجتماعی دعا میں شرکت کی استدعا ہے

سوگواران: اہل خاندان

0300-7475716

0322-6262666

سید تصور شاہ، محمد اقبال بٹ، قمر حبیب بھٹہ، چوہدری ناصر احمد چھچھر ایڈووکیٹ کو صدر بار کھاریاں منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

پروفیسر محمد شعیب چوہدری، ممتاز صحافی سجاد حیدر ناز ٹیسٹ میں ٹاپر بچوں کو انعام دے رہے ہیں

پرنسپل (ر) محمد منیر آف تلہ گنگ کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر باؤجی محمد شریف، محمد اقبال، سجاد حیدر ناز، ڈاکٹر طاہر محمود مبارکباد دے رہے ہیں

امام حسن کونسل کی تنظیم سازی حافظ نقیب چشتی پنجاب بھر کے دورہ پر روانہ

وہ بہاولپور، پاکپتن شریف، باؤلنگر، عارف والا میں جماعت اہلسنت کے عہدیداران سے ملاقاتیں کرینگے

لاہور (پ۔ر) امام حسن کونسل کے صدر حافظ نقیب چشتی اور سیکرٹری جنرل ناصر عباس قادری 2 روزہ دورے پر بہاولنگر و پاکپتن روانہ۔ جنوبی پنجاب کے صوبائی صدر محب الٰہی نورانی سے ہمشیرہ کی وفات پر تعزیت کریں گے تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی صدر حافظ نقیب احمد چشتی اور مرکزی سیکرٹری جنرل ناصر عباس قادری ایڈووکیٹ 2 روزہ دورے پر آج بہاولنگر روانہ ہوگئے ہیں بہاولنگر میں امام حسن کونسل پاکستان صوبہ پنجاب جنوبی کے صدر مولانا (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 1)

صاحبزادہ غلام بشیر نقشبندی باؤنڈ بریامحمد کے ختم قل میں دعا کروا رہے ہیں، ممتاز شخصیات کی کثیر تعداد موجود ہے

چوہدری ذکاء اللہ سوہی صدر بار دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں چوہدری طلحہ وڑائچ

گجرات بار کی نومنتخب کابینہ وکلاء کے مسائل حل گجرات بار کے وقار میں اضافہ کریگی عہدیداران کا انتخاب خوش آئند

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) نوجوان سماجی شخصیت چوہدری طلحہ وڑائچ نے کہا ہے کہ کہا ہے کہ چوہدری ذکاء اللہ سوہی کو گجرات بار کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارک بادپیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری ذکاء اللہ سوہی اور جی کابینہ گجرات بار کے وقار میں اضافہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام نئے عہدیداران کو دلی مبارک بادپیش کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ وہ وکلاء کے مسائل کو بہتر انداز سے حل کریں گے۔ گجرات بار کی نومنتخب کابینہ وکلاء کے مسائل حل کرکے گجرات بار کے وقار میں اضافہ کرے گی۔

شیخ محمد منشاء، شیخ عنایت اللہ کی والدہ محترمہ کا ختم قل پڑھا جا رہا ہے، ممتاز شخصیات شریک ہیں

چوہدری سفیان گجر، چوہدری عبدالرحمان گندرہ، ارشد محمود کو مبارکباد دے رہے ہیں، اسجد نواز وڑائچ، سید ابدال شاہ بھی موجود ہیں

الاول اکیڈمی گلیانہ کے عوام کے لئے تحفہ ہے، پروفیسر محمد عمر عثمانی

انتہائی محنتی اور قابل اساتذہ کی زیر نگرانی بچوں کو ٹیسٹ سسٹم کے تحت تیاری کروائی جاتی ہے

سدھ (سجاد حیدر ناز سے) پرنسپل الاول اکیڈمی گلیانہ پروفیسر محمد عمر عثمانی نے کہا ہے کہ اکیڈمی ہذا میں 8 نویں، دسویں، فرسٹ ائیر، سیکنڈ ائیر کے طلبہ کو بھرپور تیاری کرائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ سسٹم کے تحت بچوں کی تیاری کرواتے ہیں جس سے بچے بہت جلد سمجھ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الاول اکیڈمی گلیانہ کے عوام کے لئے تحفہ ہے لوگ اپنی بچوں کو اکیڈمی ہذا میں داخل کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی محنتی اساتذہ کی زیر نگرانی بچوں کو رٹہ سسٹم سے پاک تیاری کروائی جاتی ہے جس کی پیکنگ خود کرتا ہوں۔

پروفیسر شعیب چوہدری کو بیٹے کی پیدائش پر ممتاز شخصیات کی مبارکباد

پیر سید احمد حسین شاہ، باؤجی محمد شریف، ڈاکٹر محمد طاہر اقبال سدھ، چوہدری طارق محمود نے مبارکباد پیش کی

سدھ (سجاد حیدر ناز سے) پرنسپل پنجاب کالج کھاریاں پروفیسر محمد شعیب چوہدری کے ہاں بیٹے کی پیدائش پر دوست احباب کی مبارک باد۔ پیر سید احمد حسین شاہ، باؤجی محمد شریف، ڈاکٹر محمد طاہر اقبال سدھ، چوہدری طارق محمود، بابا جی اقبال، حاجی محمد اشرف ودیگر نے پروفیسر محمد شعیب چوہدری کو بیٹے کی پیدائش پر مبارک باد پیش کی۔

دارِ ارقم عثمان کیمپس میں داخلوں کا سلسلہ جاری ہے، محمد اکرام

سکول ہذا کا سٹاف محنتی اور طلباء و طالبات کی معیاری تعلیم کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے

گجرات (اسجد نواز وڑائچ سے) دارارقم سکولز عثمان کیمپس شادیوال روڈ کے ایڈمن آفیسر محمد اکرام نے کہا ہے کہ سکول ہذا میں داخلہ مہم جاری ہے۔ والدین نرسری تا دہم تک کلاسز کے لئے بچوں کو دارارقم سکول عثمان کیمپس میں ہی داخل کروائیں۔ انکا کہنا ہے کہ سکول ہذا کا سٹاف محنتی اور چاقشانی کے ساتھ اپنے (باقی صفحہ نمبر 5 بقیہ نمبر 2)

ہفت روزہ ڈاک گجرات — مشن صحافت کے عشق میں

چیف ایڈیٹر محمد یونس ساقی

کفر ہے ظلم کا سہنا مہر بہ لب رہنا..... حکم خدا کا لکھا ہے سپاہیوں پر

ایڈیٹر کا مضمون نگاروں، کالم نویسوں اور مراسلہ نگاروں کی آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایڈیٹوریل

چیف ایڈیٹر، پبلشر، پرنٹر، ایگزیکٹو پروپرائٹر یونس ساقی

مطبع ڈاک پرنٹنگ پریس، رکسہ روڈ گجرات

WWW.dailydak.pk

ساری زندگی ماں کے نام کرتا ہوں

پیر سید احمد حسین شاہ ترمذی

ساری زندگی ماں کے نام کرتا ہوں میں
خود کو ماں کا غلام کرتا ہوں
جنہوں نے کی زندگی اولاد پہ نثار
جو ہیں مائیں انکو سلام کرتا ہوں
جہاں دیکھتا ہوں لفظ ماں لکھا ہوا
چومتا ہوں، اسکا احترام کرتا ہوں

ویسے تو سارا سال مختلف پروگراموں، محفلوں اور سیمینارز میں ماں کی شان کے متعلق گفتگو کا سلسلہ تو چلتا ہی رہتا ہے اور اسی حوالہ سے اخبارات میں کالم نگاری بھی زینت قرطاس رہتی ہے لیکن جونہی جنوری کا آخری عشرہ شروع ہوتا ہے تو ایک عظیم ماں کی یاد ہمارے دلوں میں رچ بس جاتی ہے، کانوں میں رس گھولنے لگتی ہے، ہمارے واعظ و نصیحت کا حصہ بننے لگتی ہے، ہماری محفلوں کی رونق بننے لگتی ہے اور ہمارے قلوب و اذہان کو معطر و منور کرنے لگتی ہے۔

اے ماں! جھولے تیری یاد کے کرتے ہیں مجھے ایسا افسردہ
نہیں رکتا یہ ابر چشم سے، ہو جاتا ہوں پھر ایسا غمزدہ
آغوش مادر کی حسین لیل و نہار بھلائے نہیں بھولتی
تبسم گل ہوتی ہونگی، بھیجتا ہوں جب سوغات عمدہ۔

26 جنوری 1976ء کی سرد ٹھنڈی رات تھی جب ہماری عظیم ماں اپنی اولاد امجاد کی تربیت فرما کر، انکا ہاتھ اپنے بڑے فرزند ارجمند کے ہاتھ میں پکڑا کر اور ڈھیروں خلوص بھری دعائیں عطاء فرما کر (بیٹا! میرا رب تجھے اتنے رنگ لگائے گا کہ جہان دیکھے گا لیکن میں نہیں دیکھ سکوں گی) اس دنیا سے کوچ فرما جاتی ہیں۔

چلتی پھرتی آنکھوں سے اذاں دیکھی ہے
میں نے جنت تو نہیں ماں دیکھی ہے
جب بھی کشتی میری سیلاب میں آ جاتی ہے
ماں دعا کرتی ہوئی خواب میں آ جاتی ہے

اس عظیم ماں کی خلوص بھری دعا بارگاہ خداوندی میں شرف قبولیت پا جاتی ہے، اس خلوص بھری دعا کے طفیل قال اللہ و قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صدائے دلنواز بلند ہونے لگتی ہے، دور دراز سے علم کے پیاسے اپنی پیاس بجھانے کے لئے کھینچے چلے آتے ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے رونقوں، بہاروں کا حسین سماں دکھائی دینے لگتا ہے۔

باپ زینہ ہے جو لے جاتا ہے اونچائی تک
ماں دعا ہے جو سدا سایہ فگن رہتی ہے

اس عظیم ماں کا ذکر خیر ایسا حسین اور کیف آور ہے جب بھی ہمارے مرشدِ کامل کی زبان اقدس پہ جاری و ساری ہوتا ہے تو سننے والے کیف و سرور کے سانچے میں ڈھل جاتے ہیں اور آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں۔ اس عظیم ماں جی کے ذکر خیر نے مجھ ناچیز جیسے ہزاروں کو ماں کے حقیقی مقام و مرتبہ سے نہ صرف آگاہ کیا بلکہ انکی صحیح خدمت کا جذبہ بھی عطا کیا۔

وہ دل میں چلی آتی ہیں چپکے چپکے
کچھ بھول جاؤں تو بتا جاتی ہیں چپکے چپکے
بارہا ایسا بھی ہوا محفل میں
ماں مجھے چوم جاتی ہیں چپکے چپکے
اے ماں! کاش آپ سے مل کے بتا پاؤں
یاد آپ کی کتنا رلاتی ہے مجھے چپکے چپکے

چند روز قبل ہم چند ساتھیوں کو اپنے مرشدِ کریم کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا تو دوران گفتگو آپ کی زبان اقدس پہ عظیم ماں جی کا ذکر خیر جاری و ساری ہو گیا، آپ فرمانے لگے ماں جی نے دنیا سے رخصت ہوتے وقت مجھے دعا دی تھی کہ بیٹا میرا رب تجھے اتنے رنگ لگائے گا، جہان دیکھے گا لیکن میں نہیں دیکھ سکوں گی۔ آج جب Ary qtv کے پلیٹ فارم سے میرے بچوں کی گفتگو پوری دنیا میں سنی جا رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں یہ اس عظیم ماں کی خلوص بھری دعا کا ثمر ہے۔ پہلے پہل مجھے یہ سلسلہ عجیب سا محسوس ہوا لیکن جب پوری دنیا کے لوگوں نے اسے پسند کیا اور اسکی کامیابی کے پیغامات پہنچائے تو پھر میری سوچ و فکر ماں جی کی اس خلوص بھری دعا کی جانب لوٹ گئی۔

ماں جی کے احسان ہیں کتنے مجھ پر بیان کیسے کروں
آپ کی زیارت سے ہی ثواب حج مبرور نواز آ گیا مجھے
ماں جی آپ کی خدمت کرنے میں بہت خامیاں تھیں مجھ میں
پھر بھی آپ کی آخری مسکراہٹ نے سنبھالا مجھے

ماں جی میں تو اب اس ڈر سے روتا بھی نہیں ہوں
کہ اب کی بار کون دے گا آپ جیسا دلاسہ مجھے

اس عظیم ماں کی یاد میں ہر سال 26 جنوری کو آستانہ عالیہ بوکن شریف میں ایک عظیم الشان محفلِ پاک کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس میں قرآن خوانی، نعت خوانی اور خوبصورت اصلاحی بیانات ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس عظیم ماں کی قبر انور پر کروڑ ہا رحمتوں کا نزول فرمائے، سیدہ کائنات سلام اللہ علیہا کے قدمین شریفین میں جگہ عطا فرمائے آمین ثم آمین

لوگ کہتے ہیں کہ کسی کے چلے جانے سے زندگی رک نہیں جاتی
لیکن یہ کوئی نہیں جانتا کہ لاکھوں کے مل جانے سے بھی ماں کی کمی پوری نہیں ہوتی۔

اس عظیم ماں کی یاد میں ہر سال 26 جنوری کو آستانہ عالیہ بوکن شریف میں ایک عظیم الشان محفلِ پاک کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس میں قرآن خوانی، نعت خوانی اور خوبصورت اصلاحی بیانات ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس عظیم ماں کی قبر انور پر کروڑ ہا رحمتوں کا نزول فرمائے

دعائے نیم شب

مسز پیر سید احمد حسین شاہ ترمذی

قارئین محترم!

بلاشبہ انسان پروردگار کی حکمتوں کا سربستہ راز بھی ہے اور نائب ربِ کریم ہونیکی حیثیت سے اپنے رتبے اور حیثیت کا امین بھی، فانی کائنات کی اگر کوئی چیز دوبارہ سے حیات کا انعام پا سکتی تو وہ بھی انسان ہی ہے حضور ضیاء الامت جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر ضیاء القرآن میں تقدیر کی دو قسموں کا اشارہ دیا ہے جنھیں بالترتیب "معلق" اور "مبرم" کہتے ہیں۔ مبرم تقدیر وہ ہے جو کسی صورت تبدیل نہیں ہو سکتی مثلاً انسان کا قد کاٹھ، رنگ روپ، حیات و ممات سب اس کے زمرے میں آتے ہیں لیکن معلق تقدیر ہمیں بتاتی ہے کہ ہماری زندگی کے بہت سے فیصلے ہماری نیتوں، ارادوں، دعاؤں اور بددعاؤں کی وجہ سے بدلتے رہتے ہیں

حرمین شریفین کی زیارت سے واپسی پر قبلہ سفیر ضیاء الامت پیر سید زاہد صدیق شاہ بخاری مدظلہ العالی سے ملاقات کا شرف نصیب ہوا تو جس انداز سے میرے مرشد و مکرم نے اپنی والدہ ماجدہ کا ذکر خیر فرمایا میرا دل چاہا کہ ایک ایک لفظ پہ ایک داستان رقم کر سکوں لیکن میں کوئی الفاظ بُن سکتی نہ ان جذبات کو احاطہ تحریر میں لا سکتی تنگ دامانی، کج فہمی اور کور ذوقی کے باوجود میرا دل چاہا ہے کہ میں اس عظیم ماں کو چند الفاظ ضرور ہی نذر کر سکوں جس کے دسترخوانِ نعمت نے ہم جیسے راندہ درگاہوں کو ایک ایسا در دیدیا جس کی چوکھٹ سے فیضان کے چشمے سدا جاری رہتے ہیں

حضور قبلہ غریب نواز!
جس انداز سے ذکر فرما رہے تھے کاش ممکن ہوتا کہ ان کی آنکھوں میں دیکھ کر وہ الفاظ سنے جا سکتے
آپ فرماتے ہیں کہ بیٹی!
میری ماں کی دعا بھی کیا دعا تھی
زاہد شاہ
"اللہ تینوں اپنے رنگ لانے نے سارا جہان دیکھے گا"

اب اگر میں بچوں کی روزمرہ بڑھتی مصروفیات اور پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا پر ان کی تشہیر دیکھتا ہوں تو پھر میرے کانوں میں میری ماں کے الفاظ گونجتے ہیں اور میں سوچتا ہوں

زاہد شاہ
کتنے بھی بند باندھ لو ماں کی دعا نے جو رنگ لگانے ہیں وہ دنیا نے دیکھنے ہی ہیں

ہیں
واللہ یہ استغنا یہ شان بے نیازی اور یہ اللہ کے رنگ ہی در حقیقت وہ تقدیر معلق ہے جو میرے مرشد کے نصیب میں ماں کی دعا کے صدقے لکھے گئے ہیں، تقدیر کے سارے ہی تو رنگ ہیں

زاہد صدیق شاہ کے گلشن میں
مرشدِ گرامی مرتبت کی چاروں اولادیں
حافظ قرآن، عالم دین ہیں
صاحبزادہ والا تبار ڈاکٹر حامد فاروق بخاری جب آوازِ حق بلند فرماتے ہیں تو کئی تاریک راہوں میں روشنی کے دیئے جلتے ہیں پیرزادہ سید عتیق الرحمٰن بخاری جب روسٹرم کی زینت بنتے ہیں تو عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جلائیں بانٹتے دکھائی دیتے ہیں پیرزادہ سید ہارون الرشید بخاری جب گفتگو فرماتے ہیں تو لگتا ہے کہ علم و حکمت جیسے اس گھر کی باندی ہے اور قبلہ مرشد گرامی مرتبت کی با حیا، با وقار اور صالحہ شہزادی کے نصیبوں کے امین بیٹا پیرزادہ سید فہیم شہزاد بخاری اپنی ذات میں ایک انجمن ہیں بہر حال جس زاویہ نگاہ سے دیکھیں مجھے اس درویش ماں کی دعائیں ایک حصار کی طرح دکھائی دیتی ہیں ہاور میرے دل سے صدا آتی ہے کہ میں سارے کے سارے ماؤں کے نافرمان بچوں کو پکڑ کر اس سخیہ عورت کے کئی بیٹے کے در پر کھڑا کر کے کہوں چلو آؤ اللہ کے رنگ دیکھنے ہیں تو اس لجپال چوکھٹ پر کھڑے ہو کر دیکھو کہ وہ اولادیں جو ماؤں کو رب کا روپ سمجھتی ہیں، جو ماؤں کی خاک پا کو آنکھوں کا سرمہ اور دعاؤں کو سر کا تاج بناتی ہیں میرا پروردگار ان کو کیسے نوازتا ہے، کیسے رنگ لگاتا ہے اور کیسے فیض بانٹنے والا بنا دیتا ہے دعا ہے کہ مالک الملک اس آستانہ عالیہ کو دائم آباد رکھے اور مرشد گرامی کے آباء و اجداد اور والدہ ماجدہ کی تربتیں منور فرمائے۔

آسمان تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے
آمین ثم آمین

اب اگر میں بچوں کی روزمرہ بڑھتی مصروفیات اور پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا پر ان کی تشہیر دیکھتا ہوں تو پھر میرے کانوں میں میری ماں کے الفاظ گونجتے ہیں اور میں سوچتا ہوں "زاہد شاہ" کتنے بھی بند باندھ لو ماں کی دعا نے جو رنگ لگانے ہیں وہ دنیا نے دیکھنے ہی ہیں

عظیم ماں کو ارمغانِ عقیدت



علامہ صدیق خالد چشتی

فاضل بھیرہ شریف

مجھ جیسا ضعیف القلب شخص لفظ ماں پر ہی پرنم ہو جاتا ہے تو ماں جیسے عظیم کردار پر الفاظ کو ہدیہ قرطاس کرنا انتہائی مشکل امر ہے البتہ اس ماں کا تذکرہ جیلہ تو بشمول میرے ہر اس دریوزہ گر پر لازم ہے جس نے در حکمت سے اکتساب کیا ہے یہ الفاظ محض عقیدت پر مبنی نہیں بلکہ حقیقت پر مبنی ہیں اس ذکیہ ماں نے جو ندکی فرزند امت مسلمہ کو عطا کیا ہم تو اس نعمت عظمیٰ کا شکر ادا نہیں کر سکتے۔ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ اولاد کی تربیت کا بھیڑا والدین کے سر ہوتا ہے اولاد کی اچھی تربیت والدین کی پاکیزگی کا عکاس ہوتا ہے اپنے اسلاف سے ساعت کرتا رہا اور بالخصوص بالیدگی سے مبرا اشخاص کی اسٹلہ میرے سامنے رہیں کہ ماں کی خدمت انسان کو ملائکہ سے بالا کرتی ہے لیکن میں ان صاحبانِ عقل کی طرح تحقیق کا مسافر بن گیا اور سوچ کی گہرائیوں تک چلا گیا لیکن یہ کہ اس بات کا پورے وثوق سے یقین تھا کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرامین حق ہیں۔۔ لیکن اس ہستی کی تلاش تھی جس نے خدمت اور دعاؤں سے اوج گاہی اور درجہ قبولیت رکھنے والی دعاؤں کا صلہ ہے۔ اس صالح فرزند کا اسم گرامی "سید زاہد صدیق شاہ صاحب" ہے جن کے فرزند کے زہد کا عالم قائل دید ہے بلا اس ماں کی بارگاہ ایزدی میں مقبولیت کا مقام کیا ہو گا۔ 26 جنوری اس عظیم ماں کی فناء سے بقاء کی جانب رحلت کا دن ہے آج یقیناً وہ ماں اپنی تربت میں تسکین محسوس فرما رہی ہوں گی۔ اللہ کروڑ ہا برکات کا نزول فرما کر سیدہ فاطمۃ الزہرا (علیہا السلام) کا پڑوس عطا فرمائے۔

حاصل کیا ہو یہ سوال تو بہر کیف نہاں
خانہ دل پر ضرور دستک دیتا کہ کیا یہ بھی ممکنات میں سے ہو سکتا ہے؟ کیا کوئی ایسی شخصیت کا وجود بھی اس کائنات ہستی میں ہو گا؟ کہ انسان کا اقبال اتنا اوج پکڑ لے کہ زمانہ رشک کی نگاہ سے دیکھنے لگے لیکن جواب مثبت سن کر طبیعت طمانیت محسوس کرنے لگی۔ میں اس عظیم المرتبت شخص کو تلاش کرنے لگا جو ماں کی دعاؤں سے اپنی زیست کا سفر طے کر رہا ہے بالآخر ایک ایسی فقید المثال شخصیت کے سامنے عظیم ماں کا تذکرہ حیدہ سنا خوبصورت لب و لہجہ میں فرمانے لگے میں نے اپنی ماں کی خدمت خوبصورت انداز میں کی اپنی ماں سے قلبی محبت میں اتنی پختگی ہوئی کہ ماں کی اطاعت کو توشہ آخرت سمجھا اور ہر کام میں ہاتھ بٹھایا رات کو خدمت میں طویل وقت تک مصروف عمل رہتا۔۔

تذکرہ خیر فرماتے رو پرور منظر ماضی کے دریچوں میں چلا گیا چشمان مقدس سے آنسو کی روانی جاری ہو گئی، فرمانے لگے کہ یہ مہکتی بہار دیکھنے والو۔۔ اور کارخانہ محبت سے الفت کا جام نوش کرنے والو علم و حکمت سے سینوں کو مزین کرنے والو یہ بھی میری ماں کی آہ سحر گاہی اور درجہ قبولیت رکھنے والی دعاؤں کا صلہ ہے۔ اس صالح فرزند کا اسم گرامی "سید زاہد صدیق شاہ صاحب" ہے جن کے فرزند کے زہد کا عالم قائل دید ہے بلا اس ماں کی بارگاہ ایزدی میں مقبولیت کا مقام کیا ہو گا۔ 26 جنوری اس عظیم ماں کی فناء سے بقاء کی جانب رحلت کا دن ہے آج یقیناً وہ ماں اپنی تربت میں تسکین محسوس فرما رہی ہوں گی۔ اللہ کروڑ ہا برکات کا نزول فرما کر سیدہ فاطمۃ الزہرا (علیہا السلام) کا پڑوس عطا فرمائے۔

مجھ جیسا ضعیف القلب شخص لفظ ماں پر ہی پرنم ہو جاتا ہے تو ماں جیسے عظیم کردار پر الفاظ کو ہدیہ قرطاس کرنا انتہائی مشکل امر ہے البتہ اس ماں کا تذکرہ جیلہ تو بشمول میرے ہر اس دریوزہ گر پر لازم ہے

میں نے اپنی ماں کی خدمت خوبصورت انداز میں کی اپنی ماں سے قلبی محبت میں اتنی پختگی ہوئی کہ ماں کی اطاعت کو توشہ آخرت سمجھا اور ہر کام میں ہاتھ بٹھایا رات کو خدمت میں طویل وقت تک مصروف عمل رہتا

Artificial Intelligence is a Curse or Cure

Written by: Usman Ahmed, Gujrat

Artificial intelligence (AI) has the potential to revolutionize the labor market by creating new opportunities and automating certain tasks and roles. On the positive side, AI will improve the efficiency and productivity of businesses, leading to economic growth and job creation. For example, AI-powered chatbots can automate customer service tasks, freeing up human agents to focus on more complex, high-value work. Additionally, AI can help companies make better decisions by analyzing large amounts of data, creating opportunities for data scientists and other analytics professionals. But there are also concerns that AI will lead to job turnover and unemployment. Machines are so good at performing certain tasks that they risk replacing human workers. For example, self-driving trucks can replace truck drivers, and vending kiosks can replace cashiers. Moreover, some experts predict that AI will lead to a "hollowing out" of the labor market, with fewer medium-skilled jobs and more low-skilled and high-skilled jobs.

To mitigate these negative impacts, governments and businesses are investing in training and reskilling programs to help workers acquire the skills they need to succeed in her AI-driven job market. It is important to Additionally, measures such as Universal His Basic Income and a "robot tax" for companies using AI to replace human workers could help ensure that everyone can reap the economic benefits of AI. There is a nature. Overall, AI has the potential to bring significant benefits to the labor market, but it is important to recognize the potential negative impacts and take steps to mitigate them.

ABC Certified
مظلوم کی آواز ——— بلیک میلنگ کی سیاہی سے پاک
DAILY "DAK" GUJRAT
www.dailydak.pk
روزنامہ ڈاک گجرات
چیف ایڈیٹر یونس ساقی
بدھ 02 رجب 1444ھ 25 جنوری 2023ء 10 ماگھ 2079 ب (SR-53)
جلد نمبر 27 شمارہ نمبر 152 قیمت 20 روپے، فون 3729155-3607598

چوہدری حسین الٰہی NA 63 کے عوام کیلئے گاڈ گفٹ

چوہدری حسین الٰہی MNA نے حلقہ بھر میں بلاتفریق ومساوی ترقیاتی کام مکمل کروائے

الیکشن میں مخالفین کو پہلے سے دوگنا ووٹوں سے شکست دینگے، چوہدری اعتزاز اصغر بھٹی چک کالا کی "ڈاک" سے گفتگو

گجرات (وسیم کوندل سے) ممتاز مسلم لیگی چوہدری برادران کے بااعتماد ساتھی چوہدری اعتزاز اصغر بھٹی چک کالا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ رکن قومی اسمبلی چوہدری حسین الٰہی حلقہ این اے 63 کے عوام کیلئے گاڈ گفٹ ہیں۔ چوہدری حسین الٰہی MNA نے حلقہ بھر میں بلاتفریق و مساوی ترقیاتی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 16)

نوابزادہ طاہر الملک سے چوہدری رؤف کھٹانہ، چوہدری اقبال چیچی ملاقات کررہے ہیں

سرائے عالمگیر، نہر اپر جہلم کی بھل صفائی شروع نہ ہوسکی، پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ

کھبی، تھون کھوہار، سمبلی سمیت مختلف مقامات پر جھاڑیوں اور کچرے کی وجہ سے پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ پیش آرہی ہے

سرائے عالمگیر (اویس عدنی) بھل صفائی کے نام پر ہر سال بند ہونے والی نہر سرائے عالمگیر سے کھبی، تھون، کھوہار، سمبلی سمیت مختلف مقامات پر موجود گندگی کے ڈھیر ہمیشہ اس سال بھی ابھی تک صاف نہ کی جاسکی جھاڑیوں (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 17)

ڈی ای او ایکسٹینشن رخسانہ قدیر مرکز المدرسہ کے فیسٹیول اوپن کرنے کے موقع پر چوہدری محمد فاروق، محمد عدنان، حمزہ ناظم موجود ہیں

چوہدری عابد رضا کی زیر صدارت اجلاس گجرات میں احتجاج کیلئے لائحہ عمل تیار

اجلاس میں چوہدری ولایت اللہ اویس، ملک اشفاق ڈوگہ، راجہ طاہر حبیب، چوہدری منیر، چوہدری سہراب، چوہدری یاسر جھنڈ یوالی

چوہدری اکمل چڑیاولہ، چوہدری ناظم جاوید عموانہ، راجہ طارق بلانی، چوہدری ماجد گلیانہ، چوہدری محسن گلیانہ سمیت دیگر نے شرکت کی

کھاریاں (شہزاد احمد سے) پاکستان مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام گجرات میں احتجاجی مظاہرے کے لیے سابق چیئرمین یونین کونسلز اور حلقہ کے سرکردہ افراد کا ڈیرہ چوہدری عبدالمالک پر چوہدری عابد رضا کی زیر صدارت اہم اجلاس! اجلاس میں سابق چیئرمین چوہدری ولایت اللہ اویس، سابق چیئرمین ملک اشفاق ڈوگہ، سابق چیئرمین راجہ طاہر حبیب، سابق چیئرمین چوہدری منیر اللہ، سابق (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 18)

ڈنگہ، موضع بھلوٹ شیرا میں اظہر جاوید اور صابر حسین کے مابین راضی نامہ کٹھ سے چوہدری اعجاز احمد رنیاں خطاب کررہے ہیں عمائدین علاقہ کی کثیر تعداد موجود ہے

چوہدری اعجاز رنیا نے بھلوٹ شیرا کے متحارب فریقین میں راضی نامہ کرادیا

اظہر جاوید مہر اور صابر حسین اوپل کے درمیان گذشتہ اڑھائی سال سے زمین کا تنازعہ چلا آرہا تھا

چوہدری اعجاز رنیاں نے راضی نامہ کرادیا اس موقع پر چوہدری سجاد اکرم، چوہدری توقیر اکرم ودیگر موجود تھے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) موضع بھلوٹ شیرا میں اراضی کے تنازعہ میں چوہدری اعجاز احمد رنیاں نے دونوں فریقین کے مابین معززین علاقہ کی موجودگی میں راضی نامہ کروادیا۔ تفصیلات کے مطابق موضع بھلوٹ شیرا میں اظہر جاوید مہر اور صابر حسین اوپل جٹ کے درمیان عرصہ اڑھائی سال سے اراضی کا تنازعہ چل رہا تھا۔ جس میں اظہر جاوید مہر نے صابر حسین (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 31)

ڈنگہ، بلدیہ کی نااہلی شہر کوڑے دان میں تبدیل، گندا پانی بیماریوں کا باعث

مختلف محلوں میں سیوریج کا پانی گھروں میں بہنے لگا گندے پانی اور کچرے سے بدبو تعفن پھیلنے لگا بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) میونسپل کمیٹی ڈنگہ عملہ کی نااہلی سے شہر کوڑے دان میں تبدیل۔ عملہ سیاسی وڈیروں اور افسر شاہی کو خوش کرنے میں مصروف۔ ابلتے گٹروں کے گندے پانی سے بیماریاں پھیلنے لگیں۔ شہریوں کا نااہل عملہ کے خلاف (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 32)

پی پی 32 سے ن لیگ کے ٹکٹ پر الیکشن لڑونگا، معین نواز

اگرچہ صوبائی حلقہ 32 سے ن لیگ نے امیدوار کا اعلان نہیں کیا مگر میں خود ایم پی اے کا امیدوار ہوں

الیکشن کی دوڑ میں شامل عوامی رابطہ مہم بھی جاری ہے، قومی امید ہے پارٹی مجھے ہی ٹکٹ دے گی، ڈاک سے گفتگو

جلالپور جٹاں (خالد بھٹی سے) پاکستان مسلم لیگ ن جلالپور جٹاں کی معروف شخصیت وسابق ایم پی اے میجر (ر) معین نواز وڑائچ نے کہا ہے کہ وہ آمدہ الیکشن میں پارٹی کی جانب سے الیکشن لڑینگے۔ ڈاک سے بات چیت (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 19)

تحریک لبیک پاکستان کا سویڈن کے خلاف احتجاج کا اعلان

27 جنوری بروز جمعہ کو ملک بھر میں احتجاجی مارچ شروع ہوگا

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) تحریک لبیک پاکستان نے پاکستان بھر میں سویڈن خلاف بروز جمعہ احتجاج کا اعلان کردیا گیا۔ کارکنان (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 30)

ملک بھر میں بجلی کی سپلائی بحال نہ ہوسکی

گجرات (ڈاکٹر مظہر حسین چوہان) ملک بھر میں بجلی کی سپلائی بحال نہ ہوسکی۔ بجلی کی بندش کی وجہ سے گھریلو انجائی کرب میں مبتلا ہیں، بجلی نہ ہونے کی وجہ سے انٹرنیٹ سروس، موبائل سروس، دوکانیں، آٹا چکیاں و بچوں کی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 29)

ملک حنیف اعوان، ملک جمیل اعوان یونین سے معصوم پور کے معززین کی اہم ملاقات

ملاقات کرنے والوں میں ڈاکٹر محمد ناہیب، محمد حفیظ، صوفی رشید، چوہدری ابرار، قیصر ندیم، مہر راشد ودیگر شامل تھے

معصوم پور کے معززین نے ملک حنیف اعوان کے ساتھ مل کر چلنے کا عہد کیا اس موقع پر ملک امجد اعوان، ملک توقیر یعقوب موجود تھے

سرائے عالمگیر (اویس عدنی) یوسی معصوم پور کے معززین کی ملک محمد حنیف اعوان، ملک محمد جمیل اعوان سے ملاقات ساتھ چلنے کا عزم، تفصیل کے مطابق یوسی معصوم پور کی سرکردہ شخصیات کی محمد حفیظ موہڑ، ڈاکٹر (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 33)

چوہدری جاوید اختر وڑائچ، چوہدری منیر احمد ملہی کے والد کی وفات پر تعزیت کررہے ہیں | چوہدری اقبال اکبر چیچی، چوہدری منیر احمد ملہی سے اظہار تعزیت کررہے ہیں | چوہدری محمد علی گھرال، چوہدری منیر احمد ملہی سے اظہار تعزیت کررہے ہیں | ملک عدیل امتیاز، چوہدری منیر احمد ملہی سے اظہار افسوس کررہے ہیں | نوابزادہ طاہر الملک سے چوہدری رؤف کھٹانہ کوٹھی نواب صاحب میں ملاقات کے موقع پر | نوابزادہ حیدر مہدی کو چوہدری رؤف کھٹانہ مبارکباد دے رہے ہیں | تاجر رہنما جاوید بٹ کی ہمشیرہ کی وفات پر اسد نجل شاہ فاتحہ خوانی کررہے ہیں | چوہدری بابر وڑائچ صدر بار چوہدری ذکاء اللہ سوہی کو گلدستہ پیش کررہے ہیں

چوہدری حسین الٰہی کی ترقیاتی آواز میگا پراجیکٹس عملی خدمت کا ثبوت ہیں

چوہدری برادران ملک کی ترقی کے ضامن، چوہدری حسین الٰہی اپنے دادا چوہدری ظہور الٰہی، والد چوہدری وجاہت کے خدمت مشن پر گامزن ہیں: ڈاکٹر آفتاب قمر

حلقہ بھر میں اربوں روپے کے ترقیاتی کام مکمل کرانا چوہدری حسین الٰہی کی عوام دوستی کا ثبوت ہے، عام انتخابات میں پھر اکٹھا نہ سے بھاری اکثریت سے کامیاب کرائینگے

چوہدری ہمایوں شکیل کا دست دو احباب کے اعزاز میں عشائیہ، ممتاز شخصیات شریک ہوئیں

چوہدری محمد اکرم سانٹل چیئرمین، چوہدری کاشف محمود فتح پور چیئرمین، چوہدری ارشد چوپالہ چیئرمین، عتیق ڈوگہ چیئرمین، سہیل مربانہ عمران اکرم سانٹل، چوہدری نبیل اظہر، چوہدری عمران، سید سلمان شاہ، چوہدری شامیر علی، سید جعفر شاہ سمیت دیگر بھی شریک ہوئے اہم امور پر گفتگو

فتح پور (ڈاکٹر قیصر چوہدری سے) معروف معالج، ممتاز مسلم لیگی رہنما، چوہدری برادران کے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 20)

بھلوٹ شیرا میں راضی نامہ علاقہ میں امن کا پیش خیمہ ہوگا، چوہدری اعجاز رنیاں

اظہر جاوید اور ان کی فیملی جبکہ صابر حسین اور ان کے اہل خانہ کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے ایک دوسرے کو گلے لگایا

دو بھائیوں کے درمیان راضی نامہ کرانا اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ عمل ہے، راضی نامہ اکٹھ کے موقع پر خطاب

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) موضع بھلوٹ شیرا میں اظہر جاوید مہر اور صابر حسین کے درمیان راضی نامہ اکٹھ سے پاکستان مسلم لیگ ق امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 30 چوہدری اعجاز احمد رنیاں نے کہا کہ اظہر جاوید اور ان کی فیملی کا مشکور (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 21)

میاں شبیر، خرم شہزاد کا میڈیا بیورو آفس لالہ موسیٰ کا دورہ

معزز مہمانوں کا شاندار استقبال کیا مغشاء بٹ کی صحافتی خدمات کی تحسین

میاں شبیر، خرم شہزاد نے مغشاء بٹ کے بھائی خلیل بٹ کی وفات پر تعزیت کی

لالہ موسیٰ (محمد مغشاء بٹ) ممتاز سماجی کاروباری شخصیت سین ماسٹر میاں شبیر آف ڈھوملیانہ چک معروف سماجی کاروباری شخصیت اٹلی خرم شہزاد (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 27)

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) پاکستان مسلم لیگ ن یونین کونسل عالم گڑھ کے صدر و (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 28)

چوہدری بابر وڑائچ کی صدر ذکاء اللہ سوہی سیکرٹری ملک عثمان کو مبارکباد

ڈیرہ حضرت میاں صاحب ٹرسٹ سب آفس گجرات کے صدر بابر وڑائچ کی قیادت میں وفد نے نیک خواہشات کا اظہار کیا

چوہدری یاسر احمد ایڈووکیٹ چوہدری عمران ضیاء، عزت اقبال، میاں یاسر نذیر، حاجی ماجد نذیر انصر محمود نے گلدستہ پیش کیا

گجرات (احسان اللہ اعظم سے) ڈیرہ حضرت میاں صاحب ٹرسٹ سب آفس گجرات کے صدر چوہدری محمد بابر وڑائچ نے اپنی ٹرسٹ کی ٹیم کے ہمراہ ٹیم میں شامل افراد ایڈووکیٹ ہائی کورٹ چوہدری یاسر احمد ایڈووکیٹ (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 34)

سابق ناظم چوہدری ضیاء اللہ وڑائچ، چوہدری منیر احمد ملہی کے والد حاجی محمد رفیق نمبردار کی روح کے ایصال ثواب کے لئے ختم قل میں ممتاز سیاسی سماجی شخصیات شریک ہیں

گجرات احتجاج چوہدری عابد رضا کی قیادت میں بھرپور شرکت کرینگے

چوہدری علی وڑائچ اوصاف علی جٹ

کوٹلہ واقعہ پر حقائق کے برعکس مقدمے کا اندراج کرکے آئین وقانون کی دھجیاں اڑائی گئیں، انصاف کے تقاضے پورے نہیں کیے گئے

ن لیگی راہنما وکارکنان چوہدری عابد رضا کی قیادت میں گجرات احتجاج بھرپور ہوگا، پوری تیاری کیساتھ شرکت کرینگے

جلالپور جٹاں (محمد اعظم انصاری) ن لیگ کے سینئر راہنماء چوہدری علی وڑائچ کلاچور اور چوہدری اوصاف علی جٹ نے کہا ہے کہ وہ کوٹلہ واقعہ اور جھوٹی ایف آئی آر کے اندراج کے خلاف گجرات میں ہونے والے احتجاجی مظاہرہ میں بھرپور شرکت کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگی کارکن اور راہنماء چوہدری عابد رضا کی قیادت میں متحد ہیں اور گجرات (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 22)

معیشت کی تباہی کی ذمہ دار پی ڈی ایم ہے، شہروز حسن

ملک معاشی اور سیاسی طور پر عدم استحکام سے دوچار ہے

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما، پیشن شہانہ کے ممتاز زمیندار چوہدری شہروز حسن آف امریکہ نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کی تباہ حالی کی ذمہ دار پی ڈی ایم اتحاد ہے۔ جس میں سالوں پاکستان (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 23)

جماعت اسلامی کے سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف کی صاحبزادی کی تقریب رخصتی میں سراج الحق، ڈاکٹر طارق سلیم، اظہر اقبال حسن ودیگر شریک ہیں

مبارکباد

ہم نوجوان صحافی روزنامہ ڈاک ممبر گجرات پریس کلب

اسجد نواز وڑائچ

کے ہاں چاند سے بیٹے کی پیدائش پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ نومولود کو لمبی اور صحت بھری زندگی عطا فرمائے

نیک خواہشات کے ساتھ

حاجی مسعود اختر وڑائچ

سابق جنرل کونسلر یوسی بھاگووال کلاں

چوہدری منیر احمد ملہی سے چوہدری مقصود گجر، چوہدری مسعود گجر تعزیت کررہے ہیں

ڈنگہ، خونی ڈکیتی کی واردات کا مقدمہ درج

فائرنگ سے اویس اختر اور تیمور زخمی ہوگئے تھے تفتیش شروع

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) 21 جنوری کو رات پونے 9 بجے کے قریب ڈکیتی کی واردات میں گولیاں لگنے والے دو موٹر سائیکل سواروں کا (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 26)

حکومت کی ناقص پالیسیوں سے مہنگائی بڑھ رہی ہے، چوہدری عبدالغفار

عوام مہنگائی کے ہاتھوں مجبور، وزراء مسائل حل کی بجائے اپوزیشن کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں

ڈنگہ (عبدالمجید پپو) پاکستان تحریک انصاف کے راہنما، دھب سڑی کے ممتاز زمیندار اور سینئر راہنما چوہدری عبدالغفار آف سین نے (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 25)

حاجی حبیب اللہ صراف کے صاحبزادے کا ولیمہ 29 جنوری کو ہوگا

احتشام علی کے ولیمہ میں ضلع بھر کی ممتاز شخصیات شریک ہوں گی

جلالپور جٹاں (خالد بھٹی سے) صرافہ ایسوسی ایشن مین بازار جلالپور جٹاں کے صدر حاجی حبیب اللہ صراف کے صاحبزادے احتشام علی کی (باقی صفحہ نمبر 4 بقیہ نمبر 24)

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

اسمبلی نے تحریک انصاف کے 43 ارکان قومی اسمبلی کے استعفے منظور کر کے معاملہ الیکشن کمیشن کو بھجوا دیا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے ان ارکان کو ڈی سیٹ کرنے کی درخواست کی۔ سپیکر قومی اسمبلی نے تحریک انصاف کے اراکین کے استعفے 4 مرحلوں میں منظور کیے، پہلے مرحلے میں گیارہ استعفے منظور کیے، دوسرا مرحلے میں 35 جبکہ تیسرے مرحلے میں بھی مزید 35 استعفے منظور کیے گئے۔ سپیکر نے چوتھے مرحلے میں 43 استعفے منظور کر کے الیکشن کمیشن کو ڈی سیٹ کرنے کا خط لکھ دیا۔ قومی اسمبلی میں اس وقت تحریک انصاف کے 21 منحرف اراکین موجود ہیں، اس کے علاوہ ناصر موسیٰ زئی اپنا استعفیٰ واپس لے چکے جبکہ مزید دو ارکان نے سپیکر کو خط لکھ کر چھٹی لے لی تھی۔ چیئرمین تحریک انصاف سمیت چار نومنتخب ارکان محمود مولوی، ندیم خان اور راحیلہ نے تاحال حلف نہیں لیا۔ قومی اسمبلی میں اس وقت تحریک انصاف کے 21 منحرف اراکین موجود ہیں، اس کے علاوہ ناصر موسیٰ زئی اپنا استعفیٰ واپس لے چکے جبکہ مزید دو ارکان نے سپیکر کو خط لکھ کر چھٹی لے لی تھی۔ چیئرمین تحریک انصاف سمیت چار نومنتخب ارکان محمود مولوی، ندیم خان اور راحیلہ نے تاحال حلف نہیں لیا۔ سپیکر قومی اسمبلی نے پی ٹی آئی ارکان کے استعفے منظور کر کے الیکشن کمیشن کو بھجوا دیے جن کی سمری الیکشن کمیشن کو موصول ہو گئی ہے۔ پی ٹی آئی کے اب تک 123 ارکان کے استعفے منظور کر لیے گئے جبکہ پی ٹی آئی کے منحرف اراکین کے علاوہ صرف 2 اراکین قومی اسمبلی میں باقی رہ گئے ہیں۔ دو اراکین کے استعفے ان کی چھٹی کے درخواست کے باعث منظور نہیں کیے گئے۔ ذرائع الیکٹرانکس کے مطابق پی ٹی آئی کے اب تک 123 اراکین کے استعفے منظور کیے جا چکے ہیں۔ جن ارکان اسمبلی کے استعفے منظور کیے گئے ان میں ریاض فتیانہ، سردار طارق حسین، محمد یعقوب شیخ، مرتضیٰ اقبال، سردار محمد خان لغاری، حاجی امتیاز چوہدری، لال چند اور جواد حسین شامل ہیں۔ نوشین حامد، منزہ حسن، صائمہ ندیم، تاشفین صفدر، غلام بی بی بھروانہ، فاروق اعظم، ملک نصر اللہ، صوبیہ کمال خان، عمل جاہ، رخسانہ نوید کا استعفیٰ بھی منظور، غزالہ سیفی اور طارق صادق، صاحبزادہ محبوب سلطان، شاہین نیاز، عقیلہ رقیہ بھی لسٹ میں شامل ہیں، سپیکر قومی اسمبلی نے گزشتہ 8 روز کے اندر 113 استعفے منظور کیے۔ پی ٹی آئی اراکین قومی اسمبلی نے گزشتہ روز استعفے واپس لینے کیلئے الیکشن کمیشن کو ای میلز کی تھیں۔ پی ٹی آئی اراکین قومی اسمبلی کے استعفے چار مرحلوں میں منظور کیے گئے، پہلے میں 11، دوسرے اور تیسرے مرحلے میں 35-35 اور پھر 43 استعفے منظور کیے گئے ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

کے استعفے بھی منظور کرنے کا مطالبہ کیا تھا، دونوں کی میڈیا سے گفتگو کا آڈیو ویڈیو ریکارڈ موجود ہے، سپیکر نے 22 جنوری کو ہی باقی 43 اراکین کے استعفے منظور کر کے الیکشن کمیشن کو بھجوا دیئے تھے، 23 جنوری کو ای میل اور وٹس ایپ درخواستیں خلاف ضابطہ تھیں، چونکہ استعفے 22 جنوری کو منظور کیے گئے تھے اس لیے 23 کو واپسی کی درخواستیں غیر موثر تھیں #/s#

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں ہی وزیر اعظم کا وزیر کابینہ کے شرکاء کو گزشتہ روز بجلی کے طویل ڈاؤن پر برس پڑے، وفاقی وزیر برائے پاور خرم دستگیر اور وزارت کی تمام وضاحتیں مسترد کر دیں اور کہا کہ پورا دن ملک تاریکی میں ڈوبا رہا اور آپ کو فالٹ نہیں ملا، بند کمروں میں بیٹھنے کی بجائے فیلڈ میں حالات کا پتہ کریں، وزیر اعظم نے وفاقی وزیر سے استفسار کیا کہ عوام کو جس تکلیف کا سامنا کرنا پڑا آپ کو اس کا احساس ہے، یہ سب ناقابل قبول ہے ذمہ داروں کا تعین کریں اور سزائیں دیں، پاور پلانٹس کی مرمت نہیں کی گئی تھیں یا ترسیلی نظام پرانا ہے تو کون اس کا ذمہ دار کون ہے، اب بھی شکایات ہیں کہ بجلی پوری طرح بحال نہیں ہوئی اس کا ازالہ کریں، وزیر اعظم نے کہا کہ جو وزیر اپنی ذمہ داری ایمانداری سے نہیں نبھا سکتا وہ عہدہ چھوڑ دے، اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کابینہ کے شرکاء نے کہا کہ پہلے ہی مہنگائی کی وجہ سے عوام حکومت سے نالاں ہیں اور اب بجلی کے طویل بریک ڈاؤن کی وجہ سے ہم ہر جگہ تنقید کی زد میں ہیں، اجلاس میں متعدد ایجنڈا آئٹمز کی منظوری بھی دے دی گئی ہے، اجلاس میں توانائی بچت سے متعلق میڈیا مہم چلانے پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں توشہ خانہ کا معاملہ بھی زیر غور آیا، حکام نے توشہ خانہ سے متعلق شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی، وفاقی کابینہ نے توشہ خانہ کا تمام ریکارڈ پبلک کرنے کی منظوری دے دی، کون سے حکمران نے کتنے تحائف کیے کتنی رقم ادا کی سب پبلک ہوگا، اجلاس میں توشہ خانہ سے متعلق وزارتی کمیٹی کی سفارشات منظور کر لی گئیں، شہباز شریف نے کہا کہ ہم عوام سے کوئی چیز نہیں چھپائیں گے ہر معاملے میں شفافیت کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

الیکشن کمشنر سے ملتمس ہے، اپوزیشن اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پارلیمنٹ پر اندر اور باہر سے حملہ آور ہونے والے کو پارلیمنٹ کیلئے اجنبی بنا دیا ہے، منتخب وزیر اعظم بننے اور ڈپٹی سپیکر کابینہ وزیر لگنے والا قصہ ماضی ہونے والا ہے، بغیر کسی کاروبار ذرائع آمدن کے امارت کی بلند سطح پر پہنچنے کا حساب اور احتساب قریب ہے، آمدہ انتخابات میں جمہوری سیاست کیلئے خطرے ناک عمران خان کا انجام عبرت ناک ہوگا، انہوں نے کہا کہ عمران خان جیسا کبھیوں کا سہارا ختم ہونے ہو گیا عوام الناس تحسین بنی گالا نالا میں ڈبکیاں دینے کیلئے تیار بیٹھے ہیں، عمران خائن نے وزیر اعظم عہدے پر براجمان ہو کر اشرافیہ کو ریلیف دیئے اور غریبوں کو کلائیف دیکر زندگیاں اجیرن بنائیں #/s#

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

کا وزارت خزانہ حکام سے رواں ہفتے بات چیت کا امکان ہے، وزارت خزانہ حکام آئی ایم ایف کو تمام اہداف پر اعتماد میں لیں گے، ورچوئل مذاکرات پر مطمئن ہونے سے آئی ایم ایف مشن کا شیڈول طے پانے کا امکان ہے۔ وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ رواں ہفتے بجٹ کیلئے آرڈیننس نافذ کر دیا جائے گا، فروری کے آخر تک چائنیز کمرشل بینکوں کو 80 کروڑ ڈالر ادا کئے جانے ہیں، چین کو قرض کی واپسی کے بعد سٹیٹ بینک کے مالی ذخائر 4 ارب ڈالرز سے کم رہ جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کو رواں مالی سال کے اگلے 6 ماہ میں تقریباً 12 ارب ڈالرز کی ضرورت ہے #/s#

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ سویڈن حکومت کی نگرانی میں قرآن پاک کی توہین اتفاقیہ نہیں، اللہ کی کلام قرآن پاک کی توہین کرنے والا انسانیت کا نہیں بلکہ شیطانیت کا بدترین مکروہ چہرہ ہے، آج عالم اسلام بیدار ہوتا تو کوئی بدبخت قرآن پاک کی بےحرمتی کرنے کی جرات نہ کرتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں درس قرآن میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قرآن کریم کی بے حرمتی کا واقعہ بدترین اور انتہائی دل آزاری والا فعل ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں ایسے افسوسناک واقعہ کی رتی بھر بھی گنجائش نہیں بلکہ کسی بھی مہذب معاشرے میں الہامی کتاب کی بے حرمتی کے واقعہ کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ قرآن کریم کا احترام ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی جزو ہے اور آزادی اظہار کی آڑ میں ایسا واقعہ ہرگز برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سویڈن میں اس اقدام سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے۔ آزادی اظہار کی آڑ میں کسی کو مذہبی جذبات مجروح کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ کوئی بھی مسلمان قرآن کریم کی بے حرمتی کے واقعہ کسی صورت برداشت نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سویڈن حکومت کی نگرانی میں قرآن پاک کی توہین اتفاقیہ نہیں، مکمل سازش ہے، 65 اسلامی ملکوں کا اتحاد کہاں سو گیا؟ عالمی دنیا کی خاموشی قابل مذمت ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

پر مشتمل کر دیا ہے، اسلام آباد کے پوش علاقے سیکٹر ایف سیون جناح سپر مارکیٹ میں کارروائی کی گئی، اسلام آباد پولیس کو دس دن قبل دہشت گرد کے اسلام آباد میں ہونے کی اطلاع ملی تھی، گرفتار دہشت گرد نے اسلام آباد میں دہشت گردی کے لئے معاونت کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

ہو سکتا، گورنر الیکشن کی تاریخ کا اعلان آئین و قانون کے مطابق کریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ میں ایفی ڈرین کیس میں دائر اپیل میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ پنجاب کا الیکشن مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز لیڈ کریں گی، کے پی کا الیکشن بھی نواز شریف اور مریم نواز لیڈ کریں گے، عمران خان نے سیاسی غلطی کی ہے جس کا خمیازہ ان کو بھگتنا پڑے گا، استعفے آ گئے اور منظور ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا آئین و قانون عمران خان کے تابع نہیں ہو سکتا، اگر بلاول بھٹو نے وزیر اعظم کی خواہش کا اظہار کیا ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، مسلم لیگ ن اپنی سیاسی حیثیت رکھتی ہے اور ہم الیکشن میں کامیاب ہو ں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

سے بچا لیا گیا۔ دوسری جانب کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں سے نمٹنے کیلئے سندھ حکومت نے پاکستان آرڈیننس فیکٹری سے پولیس کیلئے جدید ہتھیار خریدنے کیلئے رجوع کیا ہے۔ ہتھیاروں میں ڈرون، بکتر بند اور فائر پاور والے ہتھیار شامل ہونگے، اس کے علاوہ سندھ پولیس مشرقی یورپ کے ملک آرمینیا سے بھی جدید رائفلز اور اندھیرے میں کارگر جدید دوربینوں اور کمانڈ اینڈ کنٹرول ڈیسکوں کی بھی خریداری کر رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

لاش کو مردہ خانہ منتقل کروا دیا، مقتول کے ورثا کے مطابق مقتول اصغر 50 سالہ دودھ فروخت کر رہا تھا کہ مخالفین قیوم وغیرہ نے اندھا دھند فائرنگ کر کے اسکو موت کے گھاٹ اتار دیا اور فرار ہو گئے مقتول اصغر علی کے بڑے بیٹے بلال کو مخالفین نے قتل کر دیا تھا جسکے مقدمہ قتل کا مدعی مقتول اصغر علی تھا ایس ایچ او ظہیر عالم شاہ کے مطابق لواحقین کی طرف سے دی جانے والی تحریری درخواست کی روشنی میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا جائے گا #/s#

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

اور واقعے کے بعد فرار ہو گیا۔ ہیڈ کانسٹیبل محمد زاہد مری پولیس میں تعینات تھا۔ مزید مبینہ طور پر اپنے ہی گھر کے سامنے ہیڈ کانسٹیبل محمد زاہد کو قتل کیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ ائرپورٹ کی پولیس موقع پر پہنچی اور جائے وقوع سے شواہد اکٹھے کیے گئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ ذاتی رنجش کا لگتا ہے، تاہم تمام زاویوں کو پیش نظر رکھ کر واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔ دریں اثنا راولپنڈی تھانہ ائرپورٹ کے علاقے میں فائرنگ سے پولیس ہیڈ کانسٹیبل کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

کا حکم دے دیا ہے۔ عدالت عظمیٰ میں معاملہ کی سماعت چیف جسٹس کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کی۔ دوران سماعت چیف جسٹس آف پاکستان نے ریمارکس دیئے کہ 2006ء سے این ایچ اے نے زمین لے رکھی ہے اور آج تک رقم ادا نہیں کی، شہریوں سے زبردستی زمین لے کر معاوضہ ادا کر کے بھی اراضی سے محروم کرنے کا مداوا نہیں ہو سکتا، اپنے گھر اور زمینیں چھوڑنے والوں کی زندگیاں، خاندانی نظام ہی تباہ ہو جاتا ہے، منگلا اور تربیلا کے متاثرین کو لودھراں بھیج دیا گیا پورے پورے خاندان جدا ہو گئے، جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کوئی قیمت بھی بے گھر اور بیزر کرنے والی پریشانی کا مداوا نہیں کر سکتی، ہمارے خاندانی نظام میں آباؤ اجداد کی قبروں کی بہت اہمیت ہوتی ہے ان سے دور کرنا بھی بڑا ظلم ہے۔ این ایچ اے کے کونسل نے اس موقع پر عدالت کو بتایا کہ پشاور موٹروے کے لیے 35 ہزار روپے فی مرلہ زمین خریدی گئی جسے بعد ازاں ہائیکورٹ نے اضافہ کر کے 70 ہزار روپے کر دیا۔ عدالت عظمیٰ نے اس موقع پر زمین کی قیمت میں اضافے کے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کو درست قرار دیتے ہوئے این ایچ اے کی اپیل خارج جبکہ اراضی مالکان کو ادائیگیوں کا حکم جاری کرتے ہوئے معاملہ نمٹا دیا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جن میں حجاب کی اہمیت، افادیت پر تفصیلی روشنی ڈالی جائے گی جبکہ تمام بڑے شہروں میں خصوصی سیمینارز اور کانفرنسز کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ پاکستان سمیت دنیا بھر کے مختلف ممالک میں مسلمان خواتین مختلف انداز میں پردے اور اپنے آپ کو ڈھانپنے کا طریقہ اختیار کرتی ہیں جن میں حجاب اور سکارف بھی ایک اہم عنصر کے طور پر شامل ہے اور مذکورہ حجاب جس کا استعمال نوجوان نسل کی لڑکیوں اور خواتین میں تیزی سے فروغ پا رہا ہے مسلمان خواتین کا قابل فخر امتیاز ہے۔ حجاب کا عالمی دن اس فیصلے کے خلاف منایا جاتا ہے جب فرانس میں حجاب پر پابندی کا قانون منظور ہوا۔ اس موقع پر اس عزم کا بھی اعادہ کیا جائے گا کہ حجاب اسلام کا عطا کردہ معیار عزت و عظمت، حکم خداوندی اور مسلمان خواتین کیلئے فخر اور وقار کی علامت ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

اپنے ایک ٹویٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ میں اپنی حکومت کی طرف سے گزشتہ روز پاور بریک ڈاؤن کے سبب عوام کو پہنچنے والی زحمت پر افسوس کا اظہار کرتا ہوں۔ میرے احکامات کے بعد پاور بریک ڈاؤن کی وجوہات جاننے کے لیے انکوائری جاری ہے، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے گا #/s#

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

3 رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی ہے جو وزیر اعظم کو رپورٹ دے گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر توانائی کا کہنا تھا کہ بریک ڈاؤن کی وجہ سے ہمیں تکنیکی فالٹ کا سامنا رہا۔ ہم ابھی بھی تکنیکی فالٹ کو درست کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پورے ملک میں بجلی بحال کر دی ہے۔ چیئرمین واپڈا نے بجلی بحالی میں ہماری معاونت کی، وارسک پاور اسٹیشن سے بجلی کی ترسیل میں ہمیں ریلیف ملا، اب ملک بھر میں ایک ہزار 112 گرڈ اسٹیشنز بحال ہیں۔ کیچوکے 60 گرڈ اسٹیشنز بحال کر دیئے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بجلی گزشتہ روز بحال کر دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جیسکو کے تمام 71 گرڈ اسٹیشنز بحال کر دیئے ہیں۔ تربیلا اور منگلا کے درمیان کچھ تکنیکی مسائل پیش آئے ہیں۔ نیشنل گرڈ کے تمام اسٹیشنز بحال کر چکے ہیں۔ ترسیل کار کمپنیوں تک بجلی پہنچا دی گئی ہے۔ کراچی پاور پلانٹ میں تفتیش کی تو معلوم ہوا کہ پرانے کنڈ کٹرز لگائے گئے تھے۔ ان کا کہنا ہے کہ کچھ عرصہ بریک ڈاؤن کے واقعات ہوئے ہیں ہمیں میکنک کے معاملے کو دیکھنا ہوگا۔ سسٹم میں میکنک کے ذریعے بیرونی مداخلت کے امکانات کم ہیں۔ تحقیقات کریں گے کہ سسٹم میں میکنک کیذریعے بیرونی مداخلت تو نہیں۔ گزشتہ حکومت نے سسٹم میں نئی سرمایہ کاری نہیں کی۔ انہوں نے کہا ہے کہ جوہری اور کول پاور پلانٹس کی بندش کے باعث ملک میں بجلی کی کمی رہیگی۔ کوئٹے کے پلانٹ کو 48 گھنٹے چلانے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔ ملک کا ترسیلی نظام محفوظ رہا ہے۔ سندھ میں کچھ پاور اسٹیشنز چل رہیہیں۔ بجلی کے کارخانوں کو چلانے کے لیے وافر ایندھن موجود ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئندہ 48 گھنٹے میں ملک میں محدود پیمانے پر بجلی کی لوڈشیڈنگ ہوگی، کراچی میں بھی بجلی جلد بحال کر دی جائے گی۔ پرسوں تک مکمل بجلی کی ترسیل کا عمل مکمل ہو جائے گا۔ جنوری میں بجلی کی کم طلب ہوتی ہے۔ دن میں ساڑھے 11 سے 12 ہزار بجلی کی طلب ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے بریک ڈاؤن کی انکوائری کیلیے 3 رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ بریک ڈاؤن انکوائری کمیٹی کی سربراہ صدق ملک کریں گے۔ بریک ڈاؤن کی انکوائری کمیٹی براہ راست معاونت فراہم کرے گی۔ انکوائری کمیٹی بجلی بریک ڈاؤن پر وزیر اعظم کو رپورٹ دے گی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

کام مکمل کروائے۔ چوہدری حسین الٰہی کی سیاست حلقہ کے عوام کی خدمت و تابعداری ہے انہوں نے ہمیشہ عوام کو دہلیز پر ریلیف پہنچانے میں اپنا کلیدی رول ادا کیا ہے آمدہ جنرل الیکشن میں حلقہ این اے 63 میں چوہدری الٰہی کو بھاری لیڈ سے کامیاب کروائیں گے۔ چوہدری اعتزاز اصغر بھٹی نے کہا کہ جتنے ترقیاتی کام حلقہ این اے 63 میں پایہ تکمیل کو پہنچے پنجاب بھی ایک مثال ہے۔ الیکشن میں مخالفین کو پہلے سے دوگنا ووٹوں سے شکست دینگے۔ چوہدری حسین الٰہی کا حلقہ کے ہر فرد سے براہ راست رابطہ انکا سیاسی طرز عمل ہے انشاء اللہ قائدین چوہدری پرویز الٰہی، چوہدری وجاہت حسین، چوہدری مونس الٰہی، چوہدری حسین الٰہی کی قیادت میں علاقہ کے عوام کی خدمت و تابعداری کا مشن جاری رکھیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

کی وجہ سے پانی کی نکاسی میں مشکلات درپیش آ سکتی ہیں تفصیل کے مطابق نہر ابر جہلم ہر سال کی طرح اس سال بھی ہیل صفائی کے نام پر بند تو کر دی گئی مگر صفائی عملہ کی غفلت سے کچرا اسی طرح موجود سرائے عالمگیر سے ہیڈ رسول تک مختلف مقامات پر نہر میں موجود کچرے کے ڈھیر جھاڑیوں سمیت نہر کے کنارے بھی متاثر جو آنے والے وقت کی کسی بڑے نقصان کا موجب بن سکتے ہیں عوام نے محکمہ نہر کے ذمہ داران سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نہر صفائی کا کام جلد از جلد شروع کروایا جائے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

چیئرمین چوہدری سہراب خان، سابق چیئرمین چوہدری یاسر جھنڈیوالی، چوہدری اکمل چڑیالہ، چوہدری ناظم جاوید حمواند، راجہ طارق بلالی، چوہدری ماجد گلیانہ، چوہدری محسن گلیانہ، راجہ شاہجہان تھوان، ملک اشفاق ملکہ، راجہ انیس الرحمٰن کھوال، صدر یوتھ ونگ گجرات ملک شاذر صدیق ڈوگہ، نے شرکت کی کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوٹلہ ارب علی خان میں پولیس گردی کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

کے دوران ان کا موقف تھا کہ حلقہ پی پی 32 فی الحال اوپن ہے اور کسی بھی امیدوار کا تاحال اعلان نہ ہو سکا چیکہ وہ بذات خود بھی ایم پی اے کے امیدوار ہیں۔ میجر معین نواز وڑائچ کا کہنا تھا کہ پارٹی کی مرکزی قیادت کیجانب سے یہ بالکل واضح ہے کہ پارٹی کے سینئر راہنماء ۱ پارٹی کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ وہ الیکشن کی دوڑ میں شامل ہیں اور انکی رابطہ مہم بھی جاری ہے اور انہیں قوی امید ہے کہ پارٹی کی مرکزی قیادت حلقہ پی پی 32 کا ٹکٹ انہیں ہی جاری کریگی اور پارٹی قیادت کیجانب سے گرین سگنل ملتے ہی دوا پنی الیکشن مہم بھرپور طریقے سے چلائینگے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

قریشی ساہی ڈاکٹر آفتاب قمر پھرا کھٹانہ نے روزنامہ ''ڈاک'' کے ساتھ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری برادران ہی ملک و قوم کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کے حقیقی معنوں میں خیر خواہ ہیں، ایم این اے چوہدری حسین الٰہی اپنے دادا چوہدری ظہور الٰہی شہید کے بے لوث خدمت و تابعداری مشن کو لیکر جامہ پہناتے ہوئے والد کمانڈر سابق وفاقی وزیر چوہدری وجاہت حسین کے طرز سیاست کو اپناتے ہوئے حلقہ بھر میں بلا تفریق و امتیاز کروڑوں روپے کے میگا پراجیکٹس مکمل کروا رہے ہیں، گجرات جلالپور جٹاں روڈ، کھنوال ہسپتال، ٹرما سنٹر جلالپور جٹاں، جلالپور جٹاں میں ریسکیو 1122 کا قیام سمیت حلقہ بھر میں کروڑوں روپے کے میگا پراجیکٹس کی تکمیل ان کی خدمت و تابعداری کا منہ بولتا ثبوت ہیں، ڈاکٹر آفتاب قمر پھرا کھٹانہ کا کہنا تھا کہ ایم این اے چوہدری حسین الٰہی نے ہمیشہ غریب نادار افراد کی آواز ایوان بالا میں بلند کرتے ہوئے سنگ دھڑے ساتھیوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت متحرک رہتے ہیں ہمیں اپنے قائد چوہدری حسین الٰہی پر فخر ہے انشاء اللہ آئندہ انے قومی و صوبائی اسمبلی الیکشن میں گاؤں پھرا کھٹانہ سمیت گرد و نواح کے علاقوں میں ذاتی اثر و رسوخ بروئے کار لاتے ہوئے انہیں ریکارڈ ووٹوں کی لیڈ سے کامیاب کروائیں گے، انہوں نے کہا کہ چوہدری برادران نے ہمیشہ عوامی مفاد اور ملک و قوم کے حق میں دوررس فیصلے کیے، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی، چوہدری مونس الٰہی، ایم این اے چوہدری حسین الٰہی کا حق و باطل کی جنگ میں سابق وزیر اعظم عمران خان کا ساتھ دینا اور آئندہ الیکشن میں ملکر چلنے کا عہد قابل تحسین اقدام ہے، ڈاکٹر آفتاب قمر پھرا کھٹانہ نے حلقہ این اے 63 میں ایم این اے چوہدری حسین الٰہی ہی حقیقی معنوں میں عوامی نمائندگی کا حق ادا کر رہے ہیں ہماری تمام تر ہمدردیاں اور نیک خواہشات کے ساتھ انکے ساتھ ہیں انشاء اللہ مخالفین کو الیکشن 2018 سے بھی زیادہ لیڈ سے شکست دیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

ہوں اور میں امید کرتا ہوں کہ صابر حسین اور ان کی فیملی بھی یاد رکھے گی۔ راضی نامہ کروانا اللہ کی رضا کے لئے اور نبی کریم ﷺ کی خوشنودی کے لئے ہے اپنے حلقہ کی عوام کی بھلائی اور امن کے لئے ہے۔ میں سیاستدانوں' چوہدریوں اور ڈیرہ داروں سے مطالبہ کرتا ہوں کہ راضی نامہ ایسا عمل ہے جس کا کوئی نعم البدل نہیں۔ ہم تمام بھائی کوشش کریں تو تمام لڑائی جھگڑے ختم ہو سکتے ہیں۔ جس میں 90 فیصد جھگڑے ختم ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بے شمار راضی نامہ کروائے جس سے انتشار پھیلنے کے خطرات تھے۔ الحمدللہ اپنی تمام تر سیاست سے ہٹ کر بھی حلقہ میں امن لائیں گے اور یہی ہمارا وطیرہ ہے جب تک زندگی ہے شیر کی طرح جئیں گے اور ہر فیصلہ میرٹ پر کریں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 22

کے احتجاجی مظاہرے میں بھرپور شرکت کر کے اپنا احتجاج ریکارڈ کرائینگے۔ چوہدری علی وڑائچ اور اوصاف علی جٹ نے کہا کہ احتجاج میں وہ بھرپور تیاری کے ساتھ شریک ہونگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 23

پر مسلط رہنے والی حکمران جماعتیں ہیں۔ جس میں پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن' پی ٹی آئی سمیت دیگر موجود ہیں۔ اس وقت بھی ملک میں جو سیاسی اور معاشی عدم استحکام موجود ہے وہ انہی جماعتوں کی وجہ سے ہے۔ کیونکہ یہ جماعتیں ملک میں الیکشن چاہتی ہی نہیں اور الیکشن سے راہ فرار چاہتی ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 24

ولیمہ کی تقریب 29 جنوری بروز اتوار کو ہوگی۔ ولیمہ کی تقریب گجرات روڈ پر واقع رواج مارکی دوپہر 2 بجے ہوگی۔ ولیمہ کی تقریب میں شرکت کے لیے دعوت نامے جاری کر دیے گئے۔ تقریب میں ضلع بھر سے سیاسی سماجی و کاروباری شخصیات کی شرکت متوقع ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 25

کہا کہ حکومتی ناقص پالیسیوں کے باعث مہنگائی کا مزید طوفان عوام کو نگلنے کے لئے تیار ہے۔ آٹا' چینی' گھی' دالیں' مصالحہ جات اور دیگر کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ حکومت کی ناقص پالیسیوں اور معیشت کی بہتری پر توجہ نہ ہونے کی وجہ سے عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ وزراء کی زیادہ توجہ اپنے محکموں کی بجائے اپوزیشن کو تختہ کا نشانہ بنانے پر مرکوز ہے۔ جس کی وجہ سے ملک بھر میں مہنگائی کے باعث غریب عوام کے لئے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا گیا ہے۔ حکمران کہتے ہیں سابقہ حکمران کرپٹ تھے مگر انہوں نے عوام کو ریلیف دیئے رکھا۔ موجودہ حکمرانوں نے ریلیف کی بجائے عوام کو تکلیف کے سوا کچھ نہیں دیا۔ وزیر خزانہ جو 42 روپے لیٹر پٹرول کا رونا روتے رہے ہیں اب ان کے دور میں پٹرول پر ضرورت سے زیادہ ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے۔ تجربہ کار سرکار کے خلاف عوامی نفرت میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 26

مقدمہ درج۔ مدعیت میں موٹر سائیکل پر سوار تیسرے شخص وقاص احمد ولد محمد بشیر گلی سکول والی محلہ گڑھی والا کا نام شامل کیا گیا ہے۔ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے اویس اختر ولد محمد اختر قوم ملک محلہ لوکڑی چارگاہ ڈنگہ اور تیمور ولد غلام عباس قوم بھٹی سکندر رسول پور تحصیل پھالیہ شدید زخمی ہوئے تھے۔ دونوں زخمی عزیز بھٹی ہسپتال گجرات میں داخل ہیں۔ مقدمہ درج کر کے تفتیش انچارج پولیس چوکی شاہ قلی ASI مظاہر احمد بٹ کے حوالے کر دی گئی ہے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 27

نے میڈیا بیورو آفس ریلوے روڈ لالہ موسیٰ کا دورہ کیا محمد مشتاق بٹ اور ان کی ٹیم کو بہترین صحافتی خدمات پر خراج تحسین اور محمد خلیل بٹ مرحوم کے لیے فاتحہ خوانی کی تفصیلات کے مطابق اسپین کی ممتاز سماجی کاروباری شخصیت ماسٹر میاں شبیر آف ڈھومیانہ چک اور معروف سماجی کاروباری شخصیت الٰہی خرم شہزاد نے گزشتہ روز میڈیا بیورو آفس ریلوے روڈ لالہ موسیٰ کا دورہ کیا معزز مہمانوں کا والہانہ استقبال کیا گیا معزز مہمانوں نے محمد مشتاق بٹ اور ان کی ٹیم کی صحافتی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور ورسیز کمیونٹی کے مسائل اجاگر کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا وفد نے اس موقع پر محمد مشتاق بٹ کے بھائی محمد خلیل بٹ مرحوم کی وفات پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی بھی کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 28

نوابزادگان کے قریبی ساتھی چوہدری ہمایوں خلیل عالم گڑھ کا دوست احباب و معززین علاقہ کے اعزاز میں پر وقار عشائیہ کا اہتمام، معزز مہمانوں کا شایان شان استقبال کیا گیا تفصیلات کے مطابق چوہدری ہمایوں خلیل عالم گڑھ کا دوست احباب کے اعزاز میں عشائیہ ممتاز شخصیات شریک ہوئیں جن میں چوہدری محمد اکرم ساہل چیئرمین، چوہدری کاشف محمود فتح پور چیئرمین، چوہدری ارشد چوپالہ چیئرمین، عتیق ڈوگہ چیئرمین، سہیل مربانہ عمران اکرم ساہل، چوہدری نبیل اظہر، چوہدری عمران، سید سلمان شاہ، سید جعفر شاہ چوہدری شامیر علی سمیت دیگر بھی شریک ہوئے اہم امور پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 29

تعلیمی سرگرمیاں شدید متاثر ہوئی ہیں۔ بجلی کی بندش کی وجہ سے پینے کے پانی کی شدید قلت ہو رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 30

اپنے اپنے شہروں میں احتجاج کا حصہ بنیں۔ جمعہ کو پورے پاکستان میں احتجاجی مارچ کا اعلان صاحب القرآن مارچ نکلے جائیں گے

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 31

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 1

پرویز الٰہی سے سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان اور سابق ارکان پنجاب اسمبلی نے مشاورتی ملاقات کی۔ ملاقات میں سابق ایم پی اے امیر محمد خان، سابق ایم پی اے طلعت فاطمہ نقوی سمیت ایڈووکیٹ جنرل احمد اویس، ایڈووکیٹ عامر سیدراں اور ایڈووکیٹ امداد حسین چاٹھڑ بھی شریک تھے۔ ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال، عام انتخابات کے معاملات اور دیگر سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چودھری پرویز الٰہی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کرپٹ مافیا کے آگے ڈٹ کر کھڑا ہے، انتخاب میں شکست پی ڈی ایم کا مقدر بنے گی، قوم عمران خان کے ساتھ ہے، آنے والا وقت صرف عمران خان کا ہے۔ چودھری پرویز الٰہی اور سپیکر پنجاب اسمبلی نے الیکشن کمیشن کے کنڈکٹ پر شدید تنقید اور نگران سیٹ اپ میں بڑے پیمانے پر بیوروکریسی کی اکھاڑ پچھاڑ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکم ہوا ہے کہ پھیپھڑے والے آفیسر زور فری لگانے شروع کر دیں، لوگوں کو گرفتار کرنے اور گھروں سے اٹھانے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا، الیکشن کمیشن غیر جانبداری سے شفاف الیکشن کیلئے اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں ناکام ہے، الیکشن کمیشن کے نگران وزیر اعلیٰ کی تقرری کے متنازعہ فیصلے کو عدلیہ میں چیلنج کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کی تاریخ نہ دینا کمیشن ذمہ داری کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، پنجاب میں متنازعہ ترین آفیسرز اور پی آئی تحائف شہرت رکھنے والے آفیسرز کو اہم عہدوں پر تعینات کیا جارہا ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 2

شریک تھے۔ ملاقات میں الیکشن کمیشن کے متنازعہ اقدامات کے خلاف آئینی آپشنز اور ان کے خلاف احتجاج کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں اعلیٰ عدلیہ سے رجوع کرنے اور سیاسی آپشنز پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔ چودھری پرویز الٰہی نے عمران خان اور دیگر رہنماؤں کو آئندہ سیاسی معاملات کے حوالے سے اپنی تجاویز سے آگاہ کیا۔ تمام رہنماؤں نے پنجاب اور خیبر پختونخواہ میں ابھی تک الیکشن کی تاریخ نہ آنے اور پنجاب میں بیوروکریسی کی اکھاڑ پچھاڑ کے معاملات پر بھی تشویش کا اظہار کیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 3

یا صاحب القرآن مارچ'' ضلع بھر کے تمام پی پیز حلقوں میں ریلیاں نکالی جائیں گی، ضلعی امیر تحریک لبیک گجرات حافظ مرزا شفیق آرزو قادری نے بتایا کہ ضلع بھر میں نکالی گئی ریلیوں میں تحریک لبیک ضلع گجرات کے عہدیداران، ذمہ داران، کارکنان سمیت عام افراد بھرپور شرکت کریں گے، اس حوالے سے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے انہوں نے عمائدین ضلع سے بھی اپیل کی کہ توہین قرآن پاک کرنیوالے دہشتگردوں کے خلاف گھروں سے باہر نکلتے ہوئے تحریک لبیک پاکستان کے احتجاج میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں۔ انشاء اللہ ملک میں نظام مصطفیٰ کے نفاذ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 4

کمالہ، یونین کونسل عالم گڑھ، یونین کونسل فتح پور، یونین کونسل جلالپور صوبتیاں، یونین کونسل سرخ پور، یونین کونسل لکھنوال کے علاوہ دیگر دیہات سے ن لیگی راہنماؤں نے وفود کی شکل میں کوٹھی نواب صاحب میں آکر انہیں نوابزادہ حیدر مہدی کی بطور ایم پی اے حلقہ پی پی 31 نامزدگی پر مبارک باد دیں، نیک خواہشات کا اظہار کیا اور نوابزادہ طاہر الملک کے جرات مندانہ فیصلہ پر انہیں خراج تحسین پیش کیا، حلقہ پی پی 31 سے آنے والے عوامی وفود میں چودھری شاہد دھدرا، چودھری نصر کھوڑی، چودھری ہمایوں شکیل، چودھری کاشف محمود فتح پور، چودھری رؤف کھٹانہ، چودھری اقبال چٹھی، چودھری افضل گجر سرخ پور، محمد طاہر، محمد آفتاب، ملک منور اعوان، چودھری قیصر، چودھری جاوید اقبال بوچھ، چودھری آصف بوچھ، مہر صداقت ریحان، مہر ندیم ریحان کے علاوہ عمائدین کی کثیر تعداد میں کوٹھی نواب صاحب آمد، نوابزادگان کو اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی، نوابزادہ حیدر مہدی کی کامیابی کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کا عہد کیا گیا، نوابزادہ طاہر الملک، نوابزادہ حیدر مہدی نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 5

آرڈر تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائن نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ گجرات جیل رانا محمد لطیف کی مدعیت میں اقدام قتل، کار سرکار مداخلت سمیت دیگر مختلف دفعات عائد کر دیں ایف آئی آر میں موقف اختیار کیا گیا کہ ملک بھر میں بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران جیل میں پانی کی سپلائی متاثر ہونے سے اسیران کو واش روم استعمال کرنے میں دقت کا سامنا کرنا پڑا اس دوران اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ جیل خوشی محمد نے معمول کے مطابق تلاشی کا عمل شروع کیا تو بارک نمبر 8 کے اسیران نے تلاشی کی بجائے مزاحمت شروع کر دی، جن سے گفت وشنید کر کے معاملہ سلجھایا تو بارک نمبر 13 کے قیدیوں نے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دوسرے ساتھی قیدیوں کو بھڑکا دیا جس پر 250/200 قیدیوں نے مشتعل ہو کر جیل کی املاک، گوداموں اجناس، صلی گودام، ہسپتال فرنیچر وادویات، فلٹریشن پلانٹ، جنریٹر سسٹم، کیمرہ جات، پی سی او رومز، دواخانہ، چار سمیت دیگر پارچات جلا ڈالے اور اور توڑ دیئے ایف آئی آر میں یہ بھی الزام لگایا گیا کہ احتجاج کرنیوالے قیدیوں نے 5 جیل ملازمین، چار حوالاتیوں، اور چند ڈسٹرکٹ پولیس اہلکاروں کو شدید زخمی کیا ہے واضح رہے کہ اعلیٰ سطحی ٹیم نے گزشتہ روز دورہ کیا اور جیل کے حالات کا جائزہ بھی لیا تاہم نہ تو کسی آفیسر کے خلاف سنگین ترین حالات ہونے اور نہ ہی کسی جیل ملازم کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انہیں عہدوں سے ہٹایا گیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 6

ضلع گجرات کے جنرل سیکرٹری وسابق تحصیل ناظم چودھری سعادت نواز اجتالہ جرمنی سے ناروے پہنچنے پر انکا ائیر پورٹ پر دوست احباب نے شاندار استقبال کیا، ممتاز شخصیت و بزنس مین چودھری زاہد اسلم، چودھری طارق رشید، مدثر علی نے گلدستے پیش کرتے ہوئے دیگر کیا چودھری سعادت نواز اجتالہ ناروے میں اپنے اعزاز میں دی گئی مختلف تقریبات میں شریک ہونگے اور اگلے ہفتہ پاکستان واپس پہنچ جائیں گے اور اپنی سیاسی سرگرمیاں شروع کرینگے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 7

یونین کونسل سے آئے عمائدین کے ساتھ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انشاء اللہ ہم پوری طاقت کے ساتھ میدان میں آئیں گے اور مخالفین کو ہر محاذ پر لمحہ نائم دیں گے، انہوں نے کہا کہ 26 تاریخ کو ہونے والے احتجاجی مظاہرہ میں حلقہ این اے 63 کے عمائدین کی بھرپور شرکت ہوگی، نوابزادہ طاہر الملک نے کہا کہ ضلع گجرات کے تمام حلقوں میں صوبائی اسمبلی الیکشن کے شیڈول کے بعد ڈویژنل، ضلعی قیادت اور پارٹی کی اعلیٰ قیادت کی مشاورت سے مضبوط امیدوار میدان میں لائیں گے انشاء اللہ مسلم لیگ (ن) ضلع گجرات کے تمام حلقوں سے کلین سویپ کامیابی حاصل کرے گی، نوابزادہ طاہر الملک نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں بھاری اکثریت حاصل کرے گی، انتخابات میں نواز شریف کی قیادت میں حصہ لیں گے، پہلے خود استعفے دیئے، اب دھکے کھا رہے کہ قبول نہ کئے جائیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 8

کی رہائش گاہ شادمان کالونی گجرات میں گزشتہ روز 26 جنوری بروز جمعرات کو مسلم لیگ ن ضلع گجرات کے زیر اہتمام سینٹرل فرنیچر جی ٹی روڈ پر ہونیوالے احتجاجی مظاہرے کی تیاریوں کے سلسلہ میں اہم میٹنگ منعقد ہوئی جس کی صدارت ضلعی صدر مسلم لیگ ن نوابزادہ طاہر الملک نے کی، اجلاس میں خالد سیال، احمد بٹ، ملک ارشد، یوسف گل، ناصر محمود، توقیر بٹ، اورنگزیب ڈار، میاں اکمل حسین، سابق چیئرمین چودھری افتخار وڑائچ سمیت گجرات شہر کی تاجر تنظیموں کے عہدیداران، مسلم لیگی رہنماؤں نے شرکت کی، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے نوابزادہ طاہر الملک نے کہا کہ ضلع میں ظلم وجبر، غنڈہ گردی، قبضہ مافیا کے خلاف ہمیشہ آواز حق بلند کرتے ہوئے سنگ دھڑے، ساتھیوں کے تحفظ کیلئے اقدامات کیے انشاء اللہ آئندہ بھی ساتھیوں کو مایوس نہیں کرینگے، انہوں نے کہا کہ سابق ایم پی اے میاں طارق محمود ڈنگہ، چودھری یوسف گل، کوٹلہ واقعہ سمیت دیگر ن لیگی کارکنان کے ساتھ ہونیوالی زیادتیوں کے خلاف 26 جنوری کو ہونیوالے بڑے احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا جس میں تمام مسلم لیگی اپنی شرکت کو یقینی بناتے ہوئے مخالفوں کے خلاف علم بلند کریں، نوابزادہ طاہر الملک کا کہنا تھا کہ بطور ضلعی صدر مسلم لیگ ن ضلع گجرات سے تعلق رکھنے والے تمام کارکنان رہنما ہمارے دست وبازو ہیں انشاء اللہ انہیں کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا احتجاجی مظاہرہ مخالف سیاسی قوتوں کے خاتمہ میں آخری کیل ثابت ہوگا آئندہ الا دور مسلم لیگ ن اور قائدین میاں برادران کا ہے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگی رہنما جاوید بٹ نے کہا کہ پہلے بھی قائدین کے حکم پر لاہور، گوجرانوالہ سمیت ضلع میں ہونیوالے ن لیگی جلسوں میں بڑے قافلوں کے ہمراہ شرکت کی انشاء اللہ آئندہ بھی اپنے قائد ڈویژنل صدر چودھری عابد رضا کوٹلہ، ضلعی صدر نوابزادہ طاہر الملک کے حکم پر لبیک کہتے ہوئے احتجاجی مظاہرہ کو کامیاب بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، انہوں نے کہا کہ بلاتفریق وتمیز تمام مسلم لیگی ساتھی سنگ دھڑے احتجاجی جلسے میں بھرپور شرکت کرتے ہوئے مخالف سیاسی قوتوں کو اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں گے اس موقع پر جاوید بٹ نے معزز مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف استقبالیہ بھی دیا

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 9

رہنما چودھری شبیر احمد کوٹلہ، امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما چودھری ندیم اصغر کائرہ، سابق چیئرمین یوسف گل، مسلم لیگی رہنما چودھری فراز، سابق سٹی صدر مسلم لیگ ن جاوید بٹ، جمعیت علماء اسلام ف کے رہنما مولانا محمد الیاس، تحریک لبیک کے رہنما کاشف بھٹی ایڈووکیٹ، سابق صدر بار ایسوسی ایشن چوہدری بدرالسلام ایڈووکیٹ ودیگر شامل ہوں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 10

سیکرٹری مسلم لیگ تحصیل گجرات چوہدری منیر احمد ملہی کے والد محترم چوہدری رفیق احمد نمبردار گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے مرحوم کی روح کو ایصال ثواب کیلئے ختم قل کی محفل کا انعقاد کیا گیا جس میں گجرات بھر سے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھرپور شرکت کی اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی، ختم قل میں ممتاز علماء اکرام نے اللہ تعالیٰ اور رسول پاک ﷺ کی شان میں مفصل بیان کئے، ختم پاک پڑھا گیا ختم قل میں شرکت کرنیوالوں نمایاں سابق ممبر پنجاب چوہدری خالد اصغر گھرال، چوہدری اظہر وڑائچ، چوہدری لیاقت علی شاہ پور، چوہدری جاوید اختر وڑائچ، ملک امتیاز احمد گوگا، سابق سینئر منسٹر وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری ارسلان زاہد ترکھا، مرزا عمران بیگ، چوہدری خالد نصر اللہ، ملک محمد نعیم شاہپور، ماسٹر محمد افضل وڑائچ، چوہدری نثار احمد وڑائچ، چوہدری عثمان احمد وڑائچ، چوہدری اقبال اکبر چٹھی، چیف آفیسر کارپوریشن گجرات فیاض وڑائچ، مہر گل نواز جلالپور جٹاں، انسپکٹر الطاف گوہر، چوہدری محمد علی گھرال، سابق چیئرمین سید عقیل شاہ، ملک راحیل شہزاد، چوہدری حمزہ للہ، چوہدری آصف رانگے سابق ناظم، صاحبزادہ قربان افضل، چوہدری یاسر وڑائچ، چوہدری عامر وڑائچ، چوہدری حمزہ شوکت منچوں چک، چوہدری ذین وارث، چوہدری عدنان افتخار، چوہدری ندیم وڑائچ سابق وائس چیئرمین، چوہدری مبشر معروف، چوہدری ارقم جیسہ، چیئرمین چوہدری اصغر نمبردار، چوہدری امان اللہ وڑائچ، چوہدری سکندر حیات وڑائچ، چوہدری عمر اقبال جٹ، چوہدری خضر حیات وڑائچ، چوہدری نواز گوندل رانمبر یانوالہ، سابق ممبر جشید اویس چک کالا، چوہدری اسلم گرداور، سید سلطان شاہ جمال پور، چوہدری قیصر وڑائچ، سید عامر عباس شاہ، سابق کونسلر چوہدری احسان اللہ، ہنجرہ رانمبر یانوالہ ودیگر سینکڑوں افراد شامل تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 11

خدمت وتابعداری کریں گے، نوابزادہ حیدر مہدی نے کہا کہ الحمدللہ حلقہ کے عوام گواہ ہیں کہ میں نے 2013 سے 2018 تک کے مسلم لیگ ن کے دور اقتدار میں حلقہ پی پی 31 جو پہلے حلقہ پی پی 28 تھا اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے مکمل کرائے، کمیشن فری اور کرپشن سے پاک میگا پراجیکٹس کی تکمیل مکمل کرائی اگر اللہ تعالیٰ نے اور حلقہ پی پی 31 کے عوام نے مجھے دوبارہ موقع دیا تو پوری ایمانداری اور دیانتداری سے پہلے سے بڑھ کر خدمت کریں گے، نوابزادہ حیدر مہدی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے بعد حلقہ کی عوام گواہ ہے کہ میرے اوپر کمیشن لینے یا کرپشن کرنے کا کوئی داغ نہیں الحمدللہ جب بھی حلقہ کا دورہ کرتے ہیں تو اپنے حلقہ کے عوام کے سامنے بڑے فخر کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں کیونکہ ہمارا خاندان جب بھی اقتدار میں آیا تو کوئی کرپشن کی اور نہ ہی ہمیں لوٹ کھسوٹ کرنے کی عادت ہے عوام کا پیسہ ہوتا جسے من وعن ان تک پہنچانے کی اپنی ڈیوٹی پوری کرتے ہیں انشاء اللہ آئندہ بھی عوامی خدمت وتابعداری میں کوئی فرق نہیں آنے دیں گے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 12

کی رہائش گاہ پر خصوصی ملاقات کی اور کنڈی سنٹر گجرات کیلئے 5 لاکھ روپے نقد عطیہ دیتے ہوئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر میاں اکبر مسعود، حامد وڑائچ، مہر فاروق خالد بھی موجود تھے۔ میاں محمد اعجاز نے میاں ہارون مسعود، میاں اکبر مسعود کا عطیہ کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں کنڈی سنٹر گجرات میں مریضوں کو فراہم کی جانیوالی علاج معالجہ کی سہولیات بارے بھی بریفنگ دی، میاں ہارون مسعود کا کہنا تھا کہ صدقہ جاریہ کے مشن کی تکمیل کیلئے میاں محمد اعجاز اور ان کی ٹیم بے لوث کر انفلد خدمات سرانجام دے رہی ہے جس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ مہنگائی بیروزگاری کے اس دور میں غریب مستحق مریضوں کو ڈائلیسز کی مفت سہولیات فراہم کرنا کسی نعمت مبرکہ سے کم نہیں، کنڈی سنٹر گجرات کا فخر اور مان ہے انشاء اللہ کنڈی سنٹر کیلئے اپنے عزیز واقارب دوست احباب سے ملکر مزید عطیات فراہم کریں گے، میاں محمد اعجاز نے میاں ہارون مسعود کے اعزاز میں پرتکلف استقبالیہ بھی دیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 13

سیکرٹری مسلم لیگ تحصیل گجرات چوہدری منیر احمد ملہی کے والد محترم چوہدری رفیق احمد نمبردار گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے مرحوم کی دعائے مغفرت کیلئے علاقہ بھر سے عمائدین نے کوٹ نکہ جا کر فاتحہ خوانی کی اور لواحقین سے اظہار تعزیت کی اس موقع پر سابق چیئرمین چوہدری سجاد ملہی، حاجی سیف اللہ وڑائچ بھی موجود تھے جن میں اسسٹنٹ کمشنر افضل حیات ٹارڈ، سابق ایم پی اے میجر (ر) معین نواز، چوہدری طاہر حسین ترکھا، سابق مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب بلال بابر کھوکھر، احمد فاروق کلا چور، سابق ڈپٹی میئر گجرات چوہدری آصف رضا ہمدہ، ملک ظہیر عباس کلانوالہ ودیگر معززین شامل تھے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 14

حسین الٰہی کا ایک اور وعدہ ایفاء، گاؤں بوکن شریف سے پڈھانہ لنک روڈ کی تعمیر آخری مراحل میں، چوہدری حسین الٰہی کے خصوصی فنڈز گاؤں بوکن شریف تا پڈھانہ لنک روڈ کا مطالبہ پورا کر دیا، متعلقہ تعمیراتی فرم نے تیزی سے کام شروع کر رکھا ہے مسلم لیگی راہنما و چیئرمین مصالحتی کمیٹی تھانہ دولت محمد چوہدری لیاقت علی شاہ پور کی زیر نگرانی گاؤں بوکن شریف تا پڈھانہ لنک روڈ کی تعمیر آخری مراحل میں پہنچ گئی گزشتہ روز چوہدری لیاقت علی شاہ پورنے ساتھیوں کے ہمراہ جاری کام کا دورہ کیا اس موقع پر انکے ساتھ چوہدری عمیر ریاض بوکن، چوہدری جاوید باہووال، چوہدری شاہد لیاقت، چوہدری جمیل ارشد پڈھانہ و دیگر موجود تھے چوہدری لیاقت علی شاہ پور نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری وجاہت حسین، چوہدری حسین الٰہی کے دلی مشکور ہیں جنہوں نے ہمارے دیرینہ مطالبات کو پورا کیا یونین کونسل فتح پور کے ملحقہ دیہاتوں میں کروڑوں روپے کے منصوبوں کو مکمل کروائے پرانے لنک روڈ کی تعمیر کیساتھ ساتھ نئے لنک روڈ بھی بنائے گئے اور انہیں مقررہ وقت کے اندر مکمل بھی کیا گیا چوہدری حسین الٰہی نے دوران الیکشن مہم جو وعدے کئے تھے انہیں پورا کر دیا گیا عام انتخابات کا میدان سج چکا ہے انشاء اللہ چوہدری حسین الٰہی اور پارٹی کی طرف سے نامزد امیدواران ہی کامیاب ہونگے چوہدری حسین الٰہی نے منتخب ہونے سے قبل اور بعد کی روایات کو جاری رکھا اور ہر وقت حلقہ میں موجود رہے اور لوگوں کے بلاتفریق مسائل کو حل کیا جس پر قیادت کے انتہائی مشکور ہیں۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 15

گورنمنٹ ریٹ سے بھی 50 روپے کم ہوگا عوام کی سہولت اور سستے آٹے کی فراہمی کیلئے مرکزی انجمن تاجران کی خصوصی کاوش اور انتظامیہ کے تعاون سے آٹے کا ٹرک آیگا عوام گورنمنٹ ریٹ سے بھی کم قیمت پر آٹا خریدیں انشاء اللہ مرکزی انجمن تاجران عوام کی سہولت کیلئے یہ سلسلہ جاری رکھے گی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 16

جو گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے تھے کی روح کو ایصال ثواب کے لئے ختم قل آج 25 جنوری بروز بدھ مسجد عائشہ صدیقہ نزد انجیکٹر سکول بارہ دری گجرات میں صبح دس بجے پڑھا جائے گا جنکا ابتدائی دعا گیارہ بجے ہوگی دوست احباب سے شرکت کی استدعا کی گئی ہے۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 17

ہارون مسعود نے گزشتہ روز ممتاز صنعتکار، ڈائریکٹر فانس جی ایف سی فین گجرات، صدر کنڈی سنٹر میاں محمد اعجاز سے ان کی رہائش گاہ پر خصوصی ملاقات کی اور کنڈی سنٹر گجرات کیلئے 5 لاکھ روپے نقد عطیہ دیتے ہوئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر میاں اکبر مسعود، حامد وڑائچ، مہر فاروق خالد بھی موجود تھے۔ میاں محمد اعجاز نے میاں ہارون مسعود، میاں اکبر مسعود کا عطیہ کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں کنڈی سنٹر گجرات میں مریضوں کو فراہم کی جانیوالی علاج معالجہ کی سہولیات بارے بھی بریفنگ دی، میاں ہارون مسعود کا کہنا تھا کہ صدقہ جاریہ کے مشن کی تکمیل کیلئے میاں محمد اعجاز اور ان کی ٹیم بے لوث کر انفلد خدمات سرانجام دے رہی ہے جس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ مہنگائی بیروزگاری کے اس دور میں غریب مستحق مریضوں کو ڈائلیسز کی مفت سہولیات فراہم کرنا کسی نعمت مبرکہ سے کم نہیں، کنڈی سنٹر گجرات کا فخر اور مان ہے انشاء اللہ کنڈی سنٹر کیلئے اپنے عزیز واقارب دوست احباب سے ملکر مزید عطیات فراہم کریں گے، میاں محمد اعجاز نے میاں ہارون مسعود کے اعزاز میں پرتکلف استقبالیہ بھی دیا۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 18

چیف ایگزیکٹو، ممتاز معالج ڈاکٹر محمود الحسن کی ہمشیرہ محمد رئیس (مرحوم) کی اہلیہ محترمہ وقار رئیس، حافظ شہریار رئیس وجاہت رئیس کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں ہیں نماز جنازہ آج 25 جنوری بدھ 2 بجے دوپہر قبرستان دارہ گلاب شاہ گجرات میں ادا کی جائے گی

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 19

گجرات گئے اور انکی ہمشیرہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کرتے ہوئے مرحومہ کے بلندی درجات کیلئے دعائے مغفرت اور پسماندگان کے صبر جمیل کی دعا کی میاں اکبر مسعود، عابد بٹ بھی انکے ہمراہ تھے، بعدازاں انہوں نے تاجر رہنما شیخ محمد منشاء کی رہائش گاہ پر جا کر انکی والدہ محترمہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے فاتحہ خوانی اور درجات کی بلندی کیلئے دعائے مغفرت کی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 20

جس میں امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق، امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم، مرکزی سیکرٹری جنرل امیر العظیم، راشد نسیم، میاں مقصود احمد، اظہر اقبال حسن، منذر احمد جنجوعہ، حافظ اسرار احمد سمیت زندگی کے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی قبل ازیں تقریب رخصتی آمد پر سراج الحق، ڈاکٹر طارق سلیم کا قیصر شریف نے احباب کے ہمراہ پرتپاک استقبال کیا، اس موقع پر ڈاکٹر طارق سلیم نے قیصر شریف کو ہمشیرہ کی تقریب رخصتی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعائے استقامت کرائی۔

بقیہ روزنامہ ڈاک گجرات نمبر 21

